اشاعت کا ۴۶ واں سال

روزنامہ

آفاق

سرینگر

Visit us at: www.dailyafaaq.com

Daily Afaaq Srinagar

بانی: مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری

8 95 فی صد تک یوکرین روس امن معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں

7 نیوزی لینڈ کے آل راؤنڈر ڈگ بریسویل کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

2 سکاؤٹ وگائیڈ تحریک محض ایک غیر نصابی سرگرمی نہیں بلکہ ایک طرزِ زندگی ہے

afaaqkashmir.yahoo.com dailyafaaq

Ph:- 0194-2452028, 2475279 Fax:- 0194-2475279

RNI NO: 43732/85 Tuesday 30 Deceember 2025

ESTABLISHED IN 1985

30 دسمبر 2025ء، بمطابق 09 رجب 1447ھ منگلوار، جلد نمبر 46، شمارہ نمبر 309، صفحات 8، قیمت 3 روپے

سال نو کی آمد کے استقبال میں برف وباراں کا امکان

شمالی اور وسطی کشمیر کے کچھ بالائی اور درمیانی علاقوں میں اوسط درجے کی برف باری کا امکان

سری نگر/۲۹ دسمبر (ایجنسیز) وادی کشمیر میں شبانہ درجہ حرارت میں بہتری ریکارڈ ہونے کے بیچ ایک مغربی ہوا داخل ہونے کے پیش نظر سال نو کی آمد کے استقبال میں برف وباراں کے امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے ایک ترجمان کے مطابق وادی میں 29 دسمبر کو موسم عام طور پر ابر آلود رہنے کے ساتھ شمالی اور وسطی کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں ہلکی برف باری کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ 30 دسمبر کو خاص کر دوپہر سے شام تک کئی علاقوں میں ہلکی برف باری یا بارشیں ہوسکتی ہیں۔ان کا کہنا ہے بعد میں 31 دسمبر اور یکم جنوری کو موسم عام طور پر ابر آلود رہنے (بقیہ ۶ پر)

ہندوستان نے اقلیتوں کے حوالے سے پاکستان کے الزامات

کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان سے کہا ہے کہ وہ اپنا جائزہ لے

نئی دہلی/۲۹ دسمبر (یو این آئی) ہندوستان نے اقلیتی برادریوں کے بارے میں پاکستان کے تبصروں کو واضح طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقلیتوں کے ساتھ سلوک کے حوالے سے مایوس کن ریکارڈ رکھنے والے ملک کو دوسروں کو مشورہ دینے سے پہلے خود کا جائزہ لینا چاہیے۔وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے پیر کو ہندوستان میں اقلیتوں کے حوالے سے پاکستان کی وزارت خارجہ کے بیان پر سخت ردعمل ظاہر (بقیہ ۶ پر)

لیفٹننٹ گورنر نے جے اینڈ کے یوٹی کے وائلڈ لائف بورڈ کی چھٹی میٹنگ کی صدارت کی

بائیوڈائیورسٹی کے پائیدار انتظام اور وائلڈ لائف ہیبی ٹیٹس کی حفاظت کو ترجیح دینے پر زور

جموں/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے پیر کو لوک بھون میں جموں وکشمیر یونین ٹیریٹری کے وائلڈ لائف بورڈ کی چھٹی میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ میں جل شکتی، جنگلات، ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر مسٹر جاوید احمد رانا، ایم ایل اے ڈاکٹر دیوندر کمار منیال اور میاں مہر علی، چیف سیکرٹری، لفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری، جنگلات، ماحولیات کے کمشنر سیکرٹری، پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فاریسٹس اور ہیڈ آف فاریسٹ فورس، پی سی سی ایف/چیف وائلڈ لائف وارڈن، آئی جی پی سیکورٹی، مشہور کنزرویشنسٹس، ایکولوجسٹس، ماحولیاتی ماہرین، آرمی کے نمائندے، وائلڈ لائف سے متعلق این جی اوز کے نمائندے اور دیگر بورڈ ممبران نے شرکت کی۔بورڈ نے لفٹیننٹ گورنر کی صدارت میں منعقدہ میٹنگ میں کئی منصوبوں کو وائلڈ لائف کلیئرنس دی اور کچھ تجاویز کو حتمی منظوری کیلئے نیشنل بورڈ آف وائلڈ لائف کو سفارش کی۔ان میں 4G سیٹوریشن، جل جیون مشن، ٹرانسمیشن لائینز کی ری الائمنٹ، ہارڈ ریسکیورٹی پوسٹس کا قیام، ہارٹیکلچر نرسری کی ترقی اور برفانی تودے کی وارننگ سسٹم کی تنصیب شامل ہیں۔بورڈ کو محکمہ کی مختلف کنزرویشن اور ہیبی ٹیٹ بہتری کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا گیا۔اس میں انسانی اور جنگلی جانوروں کے (بقیہ ۶ پر)

ایل جی کی 2025 بیچ کے آئی اے ایس ٹرینی افسران سے ملاقات

حکمرانی اور عوامی خدمت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا

جموں/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پیر کے روز 2025 بیچ کے آئی اے ایس افسران کے تربیتی اُمیدواروں کے ساتھ بات چیت کی جو ونٹر سٹیڈی ٹور (بھارت درشن پروگرام) کے تحت پانچ دن کے لئے جموں کا دورہ کر رہے ہیں۔یہ آفیسر ٹرینی اس وقت لال بہادر شاستری نیشنل اکیڈمی آف ایڈمنسٹریشن (ایل بی ایس این اے اے) مسوری میں مرحلہ اوّل کی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔دورانِ بات چیت لیفٹیننٹ گورنر نے حکمرانی اور عوامی خدمت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔انہوں (بقیہ ۶ پر)

بھارت دہشت گردی کی تمام شکلوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کاربند، مرکزی داخلہ سیکریٹری

بنیاد پرستی اور پرتشدد سرگرمیوں کیلئے کمزور نوجوانوں کے استحصال سے چوکنا رہنے ضرورت

سرینگر/۲۹ دسمبر/ایس این این/بھارت دہشت گردی کی تمام شکلوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کاربند ہے کی بات کرتے ہوئے مرکزی داخلہ سیکرٹری گووند موہن نے کہا کہ بنیاد پرستی، بھرتی اور پرتشدد سرگرمیوں کیلئے کمزور نوجوانوں کے استحصال سے پیدا ہونے والے چیلنجوں کیلئے چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق مرکزی داخلہ سیکرٹری گووند موہن نے حال ہی میں سرحد پار، نارکو اور سائبر سے چلنے والی دہشت گردی سمیت تمام شکلوں میں دہشت گردی کے خلاف صفر رواداری برقرار رکھنے کے ہندوستان کے عزم پر زور دیا۔نئی دہلی میں منعقد ہونے والی انسداد دہشت گردی کانفرنس میں اپنے اختتامی کلمات میں انہوں نے اس تقریب کے ادارہ جاتی ہونے کو ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر سراہا۔موہن نے بنیاد پرستی، بھرتی، اور پرتشدد سرگرمیوں کے لیے کمزور نوجوانوں کے استحصال سے پیدا ہونے والے چیلنجوں کے لیے چوکنا (بقیہ ۶ پر)

دفاعی وزارت کی 79 ہزار کروڑ روپے کے فوجی ساز وسامان کی خرید کو منظوری

فاعی وزیر راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں منعقدہ دفاعی کونسل کی میٹنگ میں کئی فیصلے

نئی دہلی/۲۹ دسمبر (یو این آئی) حکومت نے مسلح افواج کی صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لیے 79 ہزار کروڑ روپے کے دفاعی خریداری سودوں کے تجاویز کو منظوری دی ہے۔دفاعی وزیر راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں پیر کو منعقدہ دفاعی خریداری کونسل کی میٹنگ میں تینوں افواج کے لیے ضرورت کی بنیاد پر خریداری کے ان تجاویز کو منظوری دی گئی۔وزارتِ دفاع نے بتایا کہ اس سال کی آخری میٹنگ میں منظور کیے گئے ان سودوں کی کل تخمینی لاگت تقریباً 79 ہزار کروڑ روپے ہے اور ان میں فوج کی توپ خانہ رجمنٹ کے لیے لوٹر میونیشن سسٹم، لو لیول لائٹ ویٹ ریڈار، پناکا ملٹی پل لانچ راکٹ سسٹم کے لیے طویل فاصلے کے رہنمائی والے (بقیہ ۶ پر)

مینڈھر میں مشتبہ ڈرون برآمد

سیکورٹی ایجنسیاں تحقیقات میں مصروف

جموں/۲۹ دسمبر (یو این آئی) جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ کے مینڈھر تحصیل میں ایک رہائشی علاقے سے مشتبہ ڈرون برآمد ہونے کے بعد سیکورٹی ایجنسیوں نے پورے معاملے کی گہرائی سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ اسپیشل آپریشنز گروپ مینڈھر کو اطلاع ملی تھی کہ گوہلدگاؤں میں (بقیہ ۶ پر)

کپوارہ اور شوپیاں اضلاع میں وی پی این خدمات کے استعمال پر پابندی

وی پی این خدمات کا غلط استعمال غیر قانونی

اور ملک مخالف سرگرمیوں میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، حکام

سرینگر/۲۹ دسمبر (یو پی آئی) ضلع انتظامیہ کپوارہ نے پیر کو پبلک سیفٹی، سائبر سکیورٹی اور امن و قانون کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پورے ضلع میں ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (VPN) خدمات کے استعمال پر دو ماہ کی مکمل پابندی عائد کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔جبکہ شوپیاں میں بھی اسی نوعیت کے احکامات صادر کئے گئے ہیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کپوارہ شری کانت بالا صاحب سوچے کی جانب سے جاری حکم نامے کے مطابق، یہ فیصلہ اس وقت لیا گیا جب کپوارہ اور ہندواڑہ کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی جانب سے ایسے متعدد مشتبہ انٹرنیٹ صارفین کی نشاندہی کی گئی جو بڑھتے ہوئے پیمانے پر وی پی این استعمال کر رہے تھے۔حکم نامہ، جو بھارتیہ ناگریک سرکشا سنہیتا 2023 کی دفعہ 163 کے تحت جاری کیا گیا ہے، (بقیہ ۶ پر)

کھیل شہریوں کو مختلف ثقافتوں اور علاقوں کو جوڑنے کا ذریعہ ہے

ہم جموں وکشمیر میں اسے مضبوطی سے فروغ دے رہے ہیں۔نائب وزیر اعلیٰ

جموں/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر چودھری نے آج ایم اے اسٹیڈیم جموں میں تین روزہ 17 ویں جونیئر رول بال نیشنل چیمپئن شپ 2026 کا باضابطہ افتتاح کیا، جو جموں وکشمیر میں کھیلوں کی ثقافت کو فروغ دینے کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ کے ہمراہ وزیر برائے سپورٹس مسٹر ستیش شرما، وزیر اعلیٰ کے مشیر مسٹر ناصر اسلم وانی، سپورٹس کونسل کے سینئر افسران اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔رول (بقیہ ۶ پر)

سری نگر میں خصوصی طور معذور بچوں کے لئے پہلا جدید ترین اسکول بن رہا ہے: اشوک لبرو

آگ کے بڑھتے ہوئے واقعات کے درمیان حفاظتی اصولوں پر عمل کرنے کی اپیل

سری نگر ۲۹ دسمبر (ایجنسیز) ضلع مجسٹریٹ سری نگر اشوک لبرو کا کہنا ہے کہ سری نگر میں خصوصی طور پر معذور بچوں کے لیے پہلا جدید ترین جامع اسکول بن رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر محکمہ اس کی بروقت تکمیل، معیاری انفراسٹرکچر اور بچوں کے لیے بہترین ممکنہ سہولیات کو یقینی بنانے کے لیے ہم آہنگی سے کام کر رہا ہے۔موصوف ضلع مجسٹریٹ نے ان باتوں کا اظہار پیر کو یہاں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود ضلع میں کلیدی منصوبوں کو نافذ کر رہا ہے۔ان کا کہنا ہے ' : جو ہمارے خصوصی طور معذور بچے ہیں خاص طور پر جو قوت گویائی اور قوت سماعت سے محروم ہیں ان کے لئے سری نگر میں ایک جدید ترین انکلیسیو اسکول بن رہا ہے'۔انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے ہمارے تمام لائن محکمے کوآرڈینیشن میں کام کر رہے ہیں۔ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ اس منصوبے کے تکمیل کی آخری تاریخ 2027 ہے، لیکن کوالٹی پر پوری توجہ کے ساتھ وقت سے پہلے اس کو مکمل کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔سال 2026 کی ترجیحات کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا کہ توجہ سری نگر میں تمام منظور شدہ پروجیکٹوں کو مکمل کرنے پر رہے گی۔انہوں نے کہا کہ منظور شدہ فنڈز کے منصوبوں (بقیہ ۶ پر)

ہائی کورٹ کے ایم سی سی نے جموں اور سری نگر میں

ثالثی کے اِنعقاد سے متعلق تین روزہ ایڈوانس کورس کا اِنعقاد کیا

جموں/سری نگر/۲۹ دسمبر/چیف جسٹس جموں وکشمیر او رلداخ ہائی کورٹ جسٹس اروِن پلی کی سرپرستی میں جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی ثالثی اور مفاہمت کمیٹی (ایم سی سی) نے آج جموں اور سری نگر کے جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈمی کے کیمپس میں بیک وقت تین روزہ تربیتی پروگرام 'مصالحت کے عمل کا اِنعقاد۔اعلیٰ سطحی کورس (کیپسول کورس)، ٹریننگ آف ٹرینرز پروگرام' کا اِفتتاح کیا۔یہ کورس جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈمی اور جموں وکشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے اِشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے اور 29 ردسمبر سے 31 ردسمبر 2025ء تک جاری رہے گا۔20 گھنٹوں پر مشتمل یہ ایڈوانس ثالثی تربیتی کورس یونین ٹیریٹری بھر میں ثالثوں کی مہارتوں میں اِضافہ کرنے کے مقصد (بقیہ ۶ پر)

ٹنگمرگ جنگلات میں ٹریکنگ پر پابندیاں عائد

پولیس ایڈوائزری جاری

غیر مقامی سیاحوں کیلئے داخلہ اور ٹریکنگ سختی سے ممنوع قرار

سری نگر/۲۹ دسمبر (ایجنسیز) جموں وکشمیر پولیس نے پیر کو ایک ایڈوائزری جاری کی جس میں شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع میں ٹنگمرگ کے بالائی جنگلاتی علاقوں میں ٹریکنگ پر سخت پابندیاں عائد کی گئیں۔پولیس نے کہا کہ ایڈوائزری 21 دسمبر کو ڈانواس جنگلاتی علاقے میں ٹریکنگ کے ایک غیر مجاز واقعہ کے بعد جاری کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور سیکورٹی کی غلط فہمیوں کو روکنے کے لیے مقامی رہائشیوں کو مقامی حکام سے مطلوبہ اجازتیں حاصل کرنی چاہئیں اور جنگلاتی علاقے میں جانے سے قبل مقامی انتظامیہ کو اطلاع دینا ضروری ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ غیر مقامی سیاحوں کے لیے، تمام حالات کے تحت بالائی جنگلاتی علاقوں میں داخلہ اور ٹریکنگ سختی سے ممنوع ہے۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ محفوظ ماحول کو برقرار رکھنے اور ناخوشگوار واقعات سے بچنے کے لیے مذکورہ ایڈوائزری کے ساتھ تعاون کریں۔قابل ذکر ہے کہ ڈانواس جنگل بارہمولہ کے بالائی علاقوں کو ٹنگمرگ۔گلمرگ کے محور سے جوڑتا ہے، جو کہ گھنے جنگل کی پٹی کا (بقیہ ۶ پر)

جموں وکشمیر میں جدید فرانزک انسٹی ٹیوٹ قائم ہوگا

وزارتِ داخلہ نے اے آئی آئی ایم ایس جموں کی تجویز منظور کر لی

سرینگر/۲۹ دسمبر/(ایجنسیز) مرکزی وزارت داخلہ نے اے آئی آئی ایم ایس جموں کی جانب سے پیش کی گئی تجویز کو منظوری دے دی ہے، جس کے تحت جموں وکشمیر میں ایک جدید اور اعلیٰ سطح کا فرانزک انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے گا۔یہ انسٹی ٹیوٹ ضلع سانبہ میں تعمیر ہوگا اور شواہد جمع کرنے، تحقیقات کو مضبوط بنانے اور مجرموں کی سزایابی کی شرح بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔اے آئی آئی ایم ایس جموں کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر و سی ای او پروفیسر شکتی کمار گپتا نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وزارت داخلہ نے منصوبے کو منظوری دے دی ہے۔انہوں نے کہا، ''جموں وکشمیر میں ایک جدید فرانزک انسٹی ٹیوٹ قائم ہونے جا رہا ہے۔اے آئی آئی ایم ایس نے وزارت داخلہ کو تجویز بھیجی تھی، جسے اب منظوری دے دی گئی ہے۔ان کے مطابق سی بی آئی کو نجی منصوبے میں شامل کیا گیا ہے اور ملک میں اس سطح کے بہت کم فرانزک انسٹی ٹیوٹ موجود ہیں۔پروفیسر گپتا نے بتایا کہ مستقبل میں اے آئی آئی ایم ایس اس انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ مل کر کام کرے گا، جس سے ابتدائی تحقیقات اور طبی تشخیص میں نمایاں بہتری آئے گی۔سرکاری ریکارڈ کے مطابق جموں و (بقیہ ۶ پر)

مرکز ریاستی حکومتوں کو اپنی حدود میں فرقہ وارانہ تشدد

روکنے کیلئے متحرک کرے: فاروق عبداللہ

سرینگر/۲۹ دسمبر (یو پی آئی) نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کو چاہیئے کہ وہ ریاستی حکومتوں پر واضح طور پر یہ ذمہ داری ڈالے کہ جب بھی ان کی حدود میں کوئی فرقہ وارانہ واقعہ پیش آئے، اسے فوری طور پر روکا جائے اور حالات کو بگڑنے نہ دیا جائے۔سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کشتواڑ میں مبینہ واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "یہ مرکز کی ذمہ داری ہے کہ وہ ریاستوں کو متنبہ کرے کہ اس طرح کے واقعات کسی بھی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے"۔انہوں نے کہا کہ ملک میں ہمیشہ ایسے عناصر رہے ہیں جو سماج میں نفرت پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تاہم آئین ہند تمام مذاہب کے لوگوں کو اپنی عبادت اور مذہبی رسومات ادا کرنے کا برابر حق دیتا ہے۔"ہم بارہا مرکز کو یاد دلاتے آئے ہیں کہ ہندوستان ایک سیکولر (بقیہ ۶ پر)

آغا روح اللہ اور وزیر اعلیٰ مسائل کو حل کرنے کیلئے مختلف نقطہ نظر رکھتے ہیں، چوہدری رمضان

اندرونی بحث کو بے وفائی کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے

سرینگر/۲۹ دسمبر/نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا کے رکن چودھری محمد رمضان نے پیر کے روز کہا کہ آغا روح اللہ مہدی کے تبصرے مسائل پر ایک مختلف نقطہ نظر کی عکاسی کرتے ہیں، نیشنل کانفرنس کی مخالفت نہیں، اور کہا کہ وہ پارلیمنٹ کے اجلاسوں کے دوران باقاعدگی سے ملتے رہتے ہیں۔کشمیر نیوز سروس سے بات کرتے ہوئے، رمضان نے کہا کہ اندرونی بحث کو بے وفائی کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا، "آغا روح اللہ اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مسائل کو حل کرنے کے لیے مختلف نقطہ نظر رکھتے ہیں۔" "موڈس آپریڈی میں اس فرق کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ نیشنل کانفرنس کے خلاف ہیں، اگر وہ پارٹی کے خلاف ہوتے تو استعفیٰ دے دیتے۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ اکثر مل کر پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔چودھری نے کہا، "ہم پارلیمنٹ میں ملے اور تقریباً ہر روز خیالات کا تبادلہ کیا۔وہ جذبے کے ساتھ ایک نوجوان لیڈر ہیں۔اسے ایک طویل سیاسی اننگز کھیلنی ہے۔اللہ اسے اچھی صحت دے اور ان کی امنگوں کو پورا (بقیہ ۶ پر)

ایس ایس پی کولگام نے نو یگ ٹنل کی سکیورٹی کا لیا جائزہ

ایجنسیوں کے درمیان قریبی رابطہ اور چوبیس گھنٹے نگرانی کے لئے ہدایت

سری نگر/۲۹ دسمبر (آفاق نیوز) ایس ایس پی کولگام عنایت علی چودھری (آئی پی ایس) نے پیر کے روز نو یگ ٹنل کی سکیورٹی، حفاظت اور ٹریفک مینجمنٹ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایک مشترکہ اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں تمام متعلقہ سکیورٹی ایجنسیوں اور ہائی وے اتھارٹیز نے شرکت کی۔میٹنگ میں کمانڈنگ آفیسر 163 بٹالین سی آر پی ایف، اے ایس پی نیشنل ہائی وے قاضی گنڈ، ایس ڈی پی او قاضی گنڈ، (بقیہ ۶ پر)

نائب وزیراعلیٰ نے نوجوانوں کی ترقی میں کھیلوں کے کردار پر زور دیا

29ویں یوٹی بلٹز ڈز اینڈ سنوکر چیمپئن شپ 2025 کی اختتامی تقریب میں شرکت کی

جموں/۲۹ دسمبر/ڈی آئی پی آر/نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر کمار چودھری نے آج بلٹز ڈز اینڈ سنوکر ہال ایم اے سٹیڈیم جموں میں 29ویں یوٹی بلٹز ڈز اینڈ سنوکر چیمپئن شپ 2025 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ نائب وزیراعلیٰ کے ہمراہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے وزیر مسٹر ستیش شرما اور وزیراعلیٰ کے مشیر مسٹر ناصر اسلم وانی بھی تھے۔ جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کے سیکرٹری نزہت گل بھی تقریب میں شریک تھیں جبکہ سینئر افسران (بقیہ ۶ پر)

اونتی پورہ میں دریائے جہلم سے صدیوں پرانی مورتی برآمد

محکمہ آرکائیوز، آرکیالوجی اینڈ میوزیمز کے ماہرین سے رابطہ قائم

سری نگر/۲۹ دسمبر (آفاق نیوز) جنوبی کشمیر کے اونتی پورہ علاقے میں دریائے جہلم سے برآمد ہوئی ایک قدیم مورتی کو مقامی پولیس نے محفوظ طریقے سے تحویل میں لے کر محکمہ آرکائیوز، آرکیالوجی اینڈ میوزیمز جموں و کشمیر کے حوالے کردیا ہے۔ ابتدائی اندازوں کے مطابق یہ نوادرات صدیوں پرانی ہے اور خطے کی گہری تہذیبی تاریخ کی اہم علامت تصور کی جا رہی ہے۔ پولیس کے مطابق لارکی پورہ، اونتی پورہ میں دریائے جہلم کے کنارے یہ مورتی اس وقت ملی جب مقامی لوگوں نے غیر معمولی شکل کی ایک پتھر کی چیز دیکھ کر پولیس کو مطلع کیا۔ اطلاع ملتے ہی اونتی پورہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر اسے محفوظ کرلیا اور ایس ایچ او اونتی پورہ کی نگرانی میں اسے کسی بھی نقصان یا غلط استعمال سے بچانے کے لیے سخت حفاظتی اقدامات کیے گئے۔ بعد ازاں پولیس نے محکمہ آرکائیوز، آرکیالوجی اینڈ میوزیمز کے ماہرین سے رابطہ قائم کیا اور نوادرات کی سائنسی دستاویز بندی، جانچ اور تحفظ کے لیے اسے باقاعدہ طور پر ان کے سپرد کردیا گیا۔ حکام کے مطابق اس سنگ تراشی میں وہ تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں جو کشمیر کی قدیم تہذیب، فن اور مذہبی تاریخ سے جڑی نوادرات میں نظر آتی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی نہ صرف ثقافتی ورثے کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہے بلکہ اس بات کی بھی نشاندہی کرتی ہے کہ جموں وکشمیر پولیس امن، قانون کی بالادستی (بقیہ ۶ پر)

پی ایس سی نے 66ویں سالانہ رپورٹ لیفٹننٹ گورنر کو پیش کی

ایل جی نے شفافیت، میرٹ پر مبنی، تیز اور منصفانہ انتخابی عمل برقرار رکھنے پر ستائش کی

جموں/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن (جے کے پی ایس سی) نے آج سال 2024-25 کی اپنی 66ویں سالانہ رپورٹ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کو لوک بھون جموں میں پیش کی۔ کمیشن کے ممبران ڈاکٹر راجیو سنگھ، طارق احمد زرگر، یشپال کوتوال اور شری آصف محمود ساگر (بقیہ ۶ پر)

کرائم برانچ کشمیر کی بڑی کارروائی: 2025 میں 100 ایف آئی آر نمٹائیں، 1,270 شکایات حل

پیچیدہ مالی ہیر پھیر، جعلی دستاویزات، اور بینک و سرکاری محکموں سے متعلق معاملات شامل

سرینگر/۲۹ دسمبر (یو پی آئی) جموں وکشمیر کرائم برانچ نے سال 2025 میں اقتصادی جرائم کے خلاف مؤثر اور سخت کارروائی عمل میں لا کر شفافیت، احتساب اور قانون کی پاسداری کے حوالے سے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ونگ نے دھوکہ دہی، جعل سازی، ملازمت سے متعلق فراڈ، مالی بے ضابطگیوں اور مختلف اقتصادی جرائم کے خلاف بروقت اور پیشہ ورانہ تحقیقات انجام دیتے ہوئے عوامی اعتماد میں اضافہ کیا۔ ای او ڈبلیو کی جانب سے جاری بیان کے مطابق، سال بھر میں ونگ نے سنجیدہ نوعیت کے اقتصادی جرائم سے متعلق 100 ایف آئی آرز کو کامیابی سے نمٹایا، جن میں پیچیدہ مالی ہیر پھیر، جعلی دستاویزات، اور بینک و سرکاری محکموں سے متعلق معاملات شامل تھے۔ ان کیسز کی تفتیش کے دوران دستاویزی اور ڈیجیٹل شواہد کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا اور متعلقہ محکموں، بینکوں اور اداروں کے ساتھ قریبی تال میل برقرار رکھا گیا۔ اس کے علاوہ، 1,270 عوامی شکایات کو بھی قانونی تقاضوں کے مطابق حل کیا گیا۔ ہر شکایت کی حقائق کی بنیاد پر چھان بین کی گئی اور جہاں ضروری سمجھا گیا وہاں کارروائی عمل میں لائی گئی، جبکہ متعدد معاملات کو قانونی رہنمائی اور وضاحت کے ذریعے حل کیا گیا تاکہ غیر ضروری قانونی پیچیدگیاں پیدا نہ ہوں۔ (بقیہ ۶ پر)

ستیش شرما نے ذمہ دار شہریوں کی تشکیل اور

قومی تعمیر میں بھارت سکاؤٹس اینڈ گائیڈز کے کردار کو سراہا

جموں/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) وزیر برائے خوراک، شہری رسدات و امورِ صارفین، آئی ٹی، ٹرانسپورٹ، امورِ نوجوان و کھیل کود، سائنس و ٹیکنالوجی ستیش شرما نے آج کہا کہ بھارت سکاؤٹس اینڈ گائیڈز جموں وکشمیر سٹیٹ برانچ گزشتہ ایک صدی سے زائد عرصے سے نوجوانوں کے کردار، جرأت اور عزم کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نے ان باتوں کا اظہار آج یہاں بھارت سکاؤٹس اینڈ گائیڈز کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب (بقیہ ۶ پر)

سال 2025: اودھم پور پولیس نے 28 این ڈی پی ایس مقدمات

میں 21 کروڑ روپیوں کی جائیدادیں ضبط کیں

جموں/۲۹ دسمبر (یو این آئی) منشیات اسمگلنگ کے خلاف جنگ کو تواتر کے ساتھ جاری رکھتے ہوئے اودھم پور پولیس نے سال 2025 کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف درج این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت 28 مقدمات میں تقریباً 21 کروڑ روپے مالیت کی منشیات سے حاصل شدہ جائیدادیں ضبط کی ہیں۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ اودھم پور پولیس نیسال 2025 کے دوران جموں وکشمیر میں سرگرم سخت گیر منشیات فروشوں کے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت 28 مقدمات میں تقریباً 21 کروڑ روپے مالیت کی منشیات سے حاصل شدہ جائیدادیں ضبط کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضبط سدہ جائیدادوں میں 21 رہائشی مکانات بمعہ اراضی، 2 دکانیں، 1 فلیٹ، 47 گاڑیاں اور 4 سیونگ بینک کھاتے شامل ہیں جن کی نشاندہی منشیات کی اسمگلنگ سے حاصل شدہ اثاثوں کے طور پر کی گئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مسلسل اور جامع تلاشی کے دوران تفتیشی افسران نے یہ ثابت کیا کہ یہ تمام اثاثے غیر قانونی منشیات کے کاروبار سے حاصل کیے گئے تھے جس کے بعد این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68 (ایف) کے تحت انہیں ضبط کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے منشیات اسمگلروں کے مالی نیٹ ورک کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ سال رواں کے دوران سب سے (بقیہ ۶ پر)

رُکن قانون ساز اسمبلی زڈی بل نے کشمیر ہینڈی کرافٹس

میں قومی ایوارڈ جیتنے والوں کو مُبارک باد دی

سرینگر/۲۹ دسمبر/(ڈی آئی پی آر) محکمہ ہینڈی کرافٹس و ہینڈلوم کشمیر نے آج اپنے چار معروف ہنرمندوں کو مبارک باد دی جنہیں حال ہی میں نئی دہلی میں صدر جمہوریہ ہند کی طرف سے نیشنل ایوارڈز اور سرٹیفکیٹ آف ایکسی لینس سے نوازا گیا۔ رُکن قانون ساز اسمبلی زڈی بل تنویر صادق نے باغ علی مردان خان میں آئی (بقیہ ۶ پر)

جموں پولیس کی کارروائی: عوامی مقام پر پستول دکھانے

پر دو افراد کے خلاف مقدمہ درج

سری نگر ۲۹ دسمبر (یو این آئی) جموں پولیس نے عوامی مقام پر پستول دکھانے پر دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے اور دونوں کو گرفتار کرکے ایک پستول اور دو میگزین برآمد کئے ہیں۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ قابلِ اعتماد اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن ستواری کی ایک ٹیم نے بی ایس ایف کی 13 بٹالین کے ساتھ مشترکہ آپریشن میں دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے جو مبینہ طور پر کھلے عام عوامی مقام پر پستول دکھا رہے تھے جس کے باعث مقامی آبادی میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کی فضا پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزموں کی شناخت منظور حسین ولد نور حسین ساکن بدھوری بری برہمنہ سانبہ اور سورج ولد اوم پرکاش ساکن بری برہمنہ سانبہ کے طور پر کی گئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ موصولہ اطلاعات کے مطابق یہ دونوں پولیس اسٹیشن کے دائرہ اختیار میں آتشیں اسلحہ کی نمائش کرتے ہوئے آزادانہ طور پر گھوم رہے تھے جس سے عوامی نظم ونسق متاثر ہو رہا تھا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن ستواری اور بی ایس ایف 13 بٹالین کی مشترکہ ٹیم نے دونوں ملزموں کو گرفتار کیا جس کے بعد ان کے خلاف آرمز ایکٹ کے متعلقہ دفعات کے تحت ایک ایف آئی آر زیر نمبر 249/2025 درج کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کے دوران ایک پستول اور دو میگزین برآمد کئے گئے جبکہ ایک پستول نما کھلونا بھی قبضے میں لیا گیا جسے مبینہ طور پر عوام میں خوف پھیلانے (بقیہ ۶ پر)

انجمن فروغِ اردو جموں کی جانب سے ہفتہ وار ادبی نشست کا انعقاد

انجمن زبان وادب کی آبیاری میں گراں قدر خدمات انجام دے رہی ہے (مقررین)

جموں/۲۹ر دسمبر/جمیل انصاری/انجمن فروغ اردو جموں کی طرف سے آج ایک اور ہفتہ وار ادبی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے کئی ادبی شخصیات نے شرکت کی۔ نشست کی صدارت معروف قلمکار اور شاعر سید اختر منصور نے کی جبکہ ڈاکٹر نرمل ونود مہمانِ خصوصی اور منجیت سنگھ کامرا مہمانِ ذی وقار کی حیثیت سے نشست میں موجود رہے۔ ادبی نشست میں معروف خواتین افسانہ نگار رافعہ محی الدین نے علی شیدا کے اردو شعری مجموعے "پانچواں موسم" پر مقالہ پیش کیا جسے حاضرین نے خوب سراہا۔ اس موقعے پر صدرِ محفل سید اختر منصور نے کہا کہ انجمن فروغ اردو فوزیہ مغل کی قیادت میں پورے سال بلاناغہ ادبی نشستیں منعقد کرواتی رہتی ہیں اور اردو زبان وادب کے لیے بہت سارے لکھنے والوں (بقیہ ۶ پر)

پولیس نے پلوامہ میں طویل عرصے سے مفرور ملزم کو گرفتار کیا

سرینگر/۲۹ دسمبر/(آفاق نیوز) پلوامہ میں پولیس نے کامیابی کے ساتھ ایک طویل عرصے سے مفرور ملزم غلام محمد شیخ ولد عبدل عزیز شیخ، گول پورہ، پنتھا چوک کا رہائشی، جو دفعہ 366 آئی پی سی کے تحت ایف آئی آر نمبر 178/2019 میں مطلوب تھا۔ ملزم 2019 سے گرفتاری سے بچ رہا تھا، اور اس کے خلاف سیکشن 299 سی آر پی سی کے تحت قابل احترام عدالت نے وارنٹ جاری کیا تھا۔ مخصوص اور مصدقہ اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے پلوامہ پولیس کی ایک سرشار پولیس ٹیم نے ملزم کے ٹھکانے کا پتہ لگایا اور تمام قانونی طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے اسے گرفتار کیا۔ بعد ازاں اسے عدالتی (بقیہ ۶ پر)

جے ایس ڈبلیو ایم جی موٹر انڈیا کا اپنی الیکٹرک گاڑیوں

کے لیے انڈسٹری کے پہلے توسیعی 'اشورڈ بائے بیک پروگرام کا اعلان

سرینگر/۲۹ دسمبر/ایک بیان کے مطابق جے ایس ڈبلیو ایم جی موٹر انڈیا نے آج اپنی نوعیت کے پہلے صنعتی اقدام کے آغاز کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد اپنے صارفین کے لیے ای وی (EV) کی ملکیت کو آسان اور ہموار بنانا ہے۔ جے ایس ڈبلیو ایم جی موٹر ملک کا پہلا کار برانڈ بن گیا ہے جو الیکٹرک گاڑیوں کے لیے 'اشورڈ بائے بیک' (ضمانتی واپسی خریداری) کی مدت کو موجودہ 3 سال سے بڑھا کر اب 5 سال تک کرنے کی پیشکش کر رہا ہے۔ یہ پروگرام مقررہ مدت کے اختتام پر گاڑی کی ایک طے شدہ قیمتِ فروخت (resale value) کی ضمانت دے کر ای وی صارفین کے اعتماد کو تقویت دیتا ہے۔ اس نئے اور منفرد پروگرام کے تحت، ایم جی ای وی (MG EV) کے مالکان اپنے منتخب کردہ پلان کے مطابق 3، 4 یا 5 سال کے بعد ضمانتی ری سیل ویلیو حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پروگرام ایم جی موٹر کی موجودہ پیشکش کو مزید وسعت دیتا ہے، جو ملکیت کے 3 سال بعد 60 فیصد بائے بیک ویلیو کی ضمانت دیتا ہے۔ یہ کسی بھی لون یا فنانس اسکیم سے آزادانہ طور پر کام کرتا ہے۔ ملک میں پہلی بار، کمرشل ایم جی زیڈ ایس ای وی (MG ZS EV) کے مالکان بھی ان گاڑیوں کے لیے ری سیل ویلیو کے فوائد کے اہل ہیں جو 3 سال تک پرانی (بقیہ ۶ پر)

جمہوریت میں پُرامن احتجاج کو نہیں روکا جاسکتا: تنویر صادق

سری نگر/۲۹ دسمبر (یو این آئی) نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے زڈی بل، تنویر صادق نے پیر کے روز کہا کہ طلبہ اور دیگر افراد کو پُرامن احتجاج کے دوران روکنا درست نہیں تھا، کیونکہ جمہوریت میں ہر شہری کو پُرامن انداز میں اپنی آواز بلند کرنے کا حق حاصل ہے۔ سری نگر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پہلے بھی ان طلبہ کو احتجاج کی اجازت دی تھی، اس لیے اس بار انہیں روکنے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ تنویر صادق کے مطابق، پُرامن احتجاج جمہوری حق ہے اور ہر شخص کو یہ حق ملنا چاہئے۔ کل جو کچھ ہوا وہ ٹھیک نہیں تھا۔ ریزرویشن پالیسی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے اس حوالے سے وہی طریقہ کار اپنایا ہے جو پارٹی کے منشور میں وعدہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک کمیٹی نے چھ ماہ تک اس معاملے پر کام کیا، رپورٹ تیار کی، کابینہ نے قانونی رائے حاصل کی اور پھر رپورٹ کو منظوری کے لیے لوک بھون بھیج دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا، 'اگر کسی چیز میں تبدیلی ہوتی تو ہم خود طلبہ کو بتاتے۔ کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ ہم وہی کر رہے ہیں جو طلبہ سے وعدہ کیا تھا۔' بھرتیوں سے متعلق سوال کے جواب میں تنویر صادق نے کہا کہ نوکریوں کے لیے اشتہارات آتے رہیں گے، تاہم حکومت چاہتی ہے کہ پہلے ریزرویشن سے متعلق فیصلہ باضابطہ طور پر منظور ہو جائے۔

سری نگر کے لال بازار میں آتشزدگی، رہائشی مکان خاکستر

سری نگر/۲۹ دسمبر (یو این آئی) سری نگر کے لال بازار علاقے میں پیر کی صبح آتشزدگی کے ایک واقعے میں ایک تین منزلہ رہائشی مکان خاکستر ہوگیا۔ ذرائع نے بتایا کہ لال بازار میں پیر کی صبح ایک رہائشی مکان سے آگ نمودار ہوئی جس کے شعلوں نے چشم زدن میں پوری عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور اس واقعے سے علاقے میں سراسیمگی پھیل گئی۔ حکام نے بتایا کہ آتشزدگی کے بارے میں اطلاع موصول ہوتے ہی فائر ٹنڈرس کو جائے موقع پر بھیج دیا گیا جنہوں کافی مشقت کے بعد آگ کو قابو میں کرکے مزید پھیلنے سے روک دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں تین منزلہ رہائشی مکان کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ (بقیہ ۶ پر)

سائبر پولیس شوپیاں نے رواں برس سائبر دھوکہ دہی

کے معاملات میں 63.22 لاکھ روپے برآمد کیے

سری نگر/۲۹ دسمبر (آفاق نیوز) سائبر پولیس اسٹیشن شوپیاں نے رواں سال مختلف سائبر فراڈ معاملات میں متاثرین سے لوٹے گئے 63 لاکھ 22 ہزار 792 روپے کی رقم برآمد کرکے متعلقہ قانونی و عدالتی ضوابط مکمل ہونے کے بعد متاثرین کو واپس کردی ہے۔ پولیس کے مطابق یہ کامیابی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ تفتیش اور تکنیکی وسائل کے مؤثر استعمال کا نتیجہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق سائبر پولیس شوپیاں کو یو پی آئی فراڈ، سوشل میڈیا اسکیم، جعلی لون درخواستوں، او ٹی پی کے غلط استعمال اور دیگر مالی سائبر جرائم سے متعلق متعدد شکایات موصول ہوئیں۔ شکایات کے ساتھ ہی فوری کارروائی عمل میں لائی گئی اور تکنیکی و ڈیجیٹل ٹولز کی مدد سے تحقیقات آگے بڑھائی گئیں۔ بروقت مداخلت اور بینکوں و مالیاتی اداروں کے ساتھ قریبی کوآرڈی نیشن کے باعث کئی مشکوک ٹرانزیکشن اہم مراحل پر ہی منجمد کردی گئیں، جس سے نہ صرف مزید مالی نقصان رک سکا بلکہ متاثرین کی رقم کی واپسی بھی ممکن ہوئی۔ پولیس نے کہا کہ یہ برآمدگی اس بات کا ثبوت ہے کہ جموں وکشمیر پولیس سائبر جرائم سے نمٹنے اور متاثرین کو بروقت ریلیف دینے کے لیے اعلیٰ حکام کی ہدایات کے مطابق بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ سائبر سکیورٹی (بقیہ ۶ پر)

آئی کے ایس کا سالانہ اجلاسِ عام، جامع واپسی پالیسی

ایپکس کمیٹی کی بحالی اور مندر وزیارت بورڈ کے قیام کا مطالبہ

سرینگر/۲۹ دسمبر/پیرزادہ سعید/آل انڈیا کشمیری سماج (رجسٹرڈ) نے اپنے سالانہ اجلاسِ عام (AGM) میں مرکزی اور ریاستی حکومتوں سے کشمیری پنڈتوں کی باعزت واپسی کے لیے ایک جامع واپسی پالیسی، اسمبلی میں واپسی و بازآبادکاری سے متعلق قرارداد، سیاسی بااختیاری اور وادی میں مندروں وزیارت گاہوں کے تحفظ کے لیے مندر وزیارت بورڈ کے قیام کا مطالبہ کیا۔ اجلاس کے دوران (بقیہ ۶ پر)

چلہ کلاں میں اچار کی مانگ میں غیر معمولی اضافہ

کشمیری اچار کی مقبولیت آج بھی برقرار ہے

سری نگر/۲۹ دسمبر (یو این آئی) وادی کشمیر میں سخت ترین سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی روایتی کشمیری اچار کی مانگ میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ چلہ کلاں کے دوران نہ صرف درجہ حرارت منفی میں چلا جاتا ہے بلکہ کشمیری گھرانوں میں وہ تمام غذائیں بھی زیادہ استعمال ہونے لگتی ہیں، جو بدن کو حرارت دیتی ہیں۔ انہی روایتی خوراکوں میں ایک کشمیری اچار بھی ہے، جس کی خوشبو اور ذائقہ آج بھی ہر عمر کے لوگوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ سرینگر کی تاریخی درگاہ حضرت بل کے باہر واقع مارکیٹ میں اس روز مرہ کی بڑھتی ہوئی خریداری نے آچار فروشوں کو ایک مرتبہ پھر مصروف کر دیا ہے۔ گزشتہ پچاس برس سے حضرت بل کے باہر اچار فروخت کرنے والے مشتاق احمد کے اسٹال پر چلہ کلاں کے آغاز کے ساتھ ہی روزانہ خریداروں کا رش بڑھ گیا ہے، جس نے اس کاروبار کو نئی زندگی بخشی ہے۔ مشتاق احمد، جو گزشتہ آدھی صدی سے روایتی مصالحوں اور قدیم ذائقوں کے ساتھ اچار تیار کر رہے ہیں نے یو این آئی کو بتایا کہ اس سال اچار کی مانگ معمول سے کہیں زیادہ ہے۔ ان کے مطابق سردیوں میں اچار کی کھپت ہمیشہ بڑھتی ہے لیکن موجودہ چلہ کلاں میں صورتحال اس سے مختلف ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ بعض دن ایسے بھی آتے ہیں جب دوپہر سے (بقیہ ۶ پر)

سوشل میڈیا پر ویڈیو اپ لوڈ کرکے کشتواڑ میں عوامی اضطراب پیدا کرنے کا الزام

پولیس کے ہاتھوں شہری گرفتار

سرینگر/۲۹ دسمبر/ایس این این/خطہ چناب کے کشتواڑ علاقے میں سوشل میڈیا پر ویڈیو اپ لوڈ کرنے کے بعد عوامی اضطراب پیدا کرنے کے الزام میں ایک شہری کو گرفتار کیا گیا۔ سٹار نیوز نیٹ ورج کے مطابق کشتواڑ میں پولیس نے ایک شہری کو حراست میں لیا جو سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو اپ لوڈ کرکے فرقہ وارانہ زاویہ دینے کی کوشش کر رہا تھا، جس سے عوامی امن وامان میں خلل پڑا۔ پولیس بیان کے مطابق کل ایک برادری کے لوگ جنگل سے لکڑی کی لاشیں لا رہے تھے اور ایک لاگ پھسل کر مدرسہ کے قریب آکر رک گئی جس کی وجہ سے پولیس چوکی پڈیارنا (بقیہ ۶ پر)

سپا سینٹروں میں غیر اخلاقی سرگرمیوں کیخلاف جموں پولیس کی کارروائی

تھائی لینڈ کی خاتون گرفتار، سینٹر کا مالک فرار، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

سرینگر/۲۹ دسمبر/ایس این این/جموں پولیس نے سپا سینٹروں میں مشتبہ غیر اخلاقی سرگرمیوں کے بارے میں مخصوص انٹیلی جنس اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے تھائی لینڈ کی خاتون کو حراست میں لیا جبکہ سینٹر کے مالک پر مقدمہ درج کرلیا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جموں وکشمیر پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ تھائی لینڈ سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کو حراست میں لیا ہے اور جموں ضلع کے چنی ہمت علاقے میں ایک سپا سنٹر میں کچھ غیر اخلاقی سرگرمیاں دیکھنے کے بعد ہریانہ کے کروکشیتر علاقے سے ایک اور شخص کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ ایک پولیس اہلکار نے بتایا کہ خاتون کو ہفتے کی رات دیر گئے چیکنگ کے دوران O2 سپا سنٹر کے اندر پایا گیا اور اسے تفتیش کے حصے کے طور پر پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لے لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسپا سنٹر کے مالک، جس کی شناخت جئے سنگھ ساکنہ کروکشیتر، ہریانہ کے طور پر کی گئی ہے، کے خلاف ایف آئی آر نمبر 237/2025 کے تحت پولیس اسٹیشن چنی ہمت میں امیگریشن ایکٹ کی دفعہ 24 اور بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) کی دفعہ 223 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس اہلکار کے مطابق، یہ کارروائی چنی ہمت کے علاقے میں قومی شاہراہ کے ساتھ چلنے والے اسپا سینٹروں میں مشتبہ غیر اخلاقی سرگرمیوں (بقیہ ۶ پر)

گاندربل اور بارہمولہ پولیس نے غیر قانونی معدنیات

نکالنے اور نقل وحمل میں ملوث 20 گاڑیوں کو ضبط کرلیا

سرینگر/۲۹ دسمبر/(آفاق نیوز) غیر قانونی کان کنی کے خلاف ایک مستقل اور فعال مہم میں، گاندربل اور بارہمولہ پولیس نے پورے ضلع میں اپنی کارروائی تیز کردی ہے۔ کارروائی کے دوران، گاندربل پولیس نے دائرہ اختیار میں معمولی معدنیات کی غیر قانونی نکالنے اور نقل وحمل میں ملوث 12 ٹپر اور 04 ٹریکٹر اور بارہمولہ میں 03 جے سی بی اور 01 ڈمپر سمیت 20 گاڑیوں کو ضبط کیا۔ یہ گاڑیاں لازمی اجازت کے بغیر گاندربل میں نالہ سندھ سے غیر قانونی طور پر نکالا گیا مواد لے جا رہی تھیں۔ ارضیات اور کان کنی کے محکمے کے ساتھ تیزی سے اور قریبی تال میل میں، متعلقہ تھانوں کی ٹیموں نے ان گاڑیوں کو موقع پر ہی روک کر ضبط کرلیا، اور علاقے میں معدنیات کی غیر قانونی نقل و حمل پر سخت پابندیاں لگائیں۔ بارہمولہ پولیس نے کارروائی کے دوران پتھروں کی غیر قانونی نکالنے میں ملوث تین جے سی بی مشینیں قبضے میں لے لی گئیں۔ ضبط شدہ JCBs پر درج ذیل چیسس نمبر ہیں: 1384197A20100، HAR3DXXTA01488983، اور HAR3DXSSC01846152۔ اس کے علاوہ ایک ڈمپر بیئرنگ رجسٹریشن نمبر JK05J7048 جو کہ غیر قانونی طور پر (بقیہ ۶ پر)

ہائی گام ویٹ لینڈ میں لکڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام

ماروتی، ٹاٹا موبائل اور لکڑی ضبط

سرینگر/۲۹ دسمبر/اے پی آئی/شمالی کشمیر کے ہائی گام ویٹ لینڈ میں وائلڈ لائف اور فاریسٹ پروٹیکشن فورس نے مشترکہ کارروائی کے دوران بید کی لاکھوں روپے مالیت کی عمارتی لکڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ماروتی 800 اور ٹاٹا موبائل سمیت لاکھوں روپے مالیت کی بید کی لکڑی ضبط کرکے سمگلروں کی تلاش شروع کردی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق 27 اور 28 دسمبر کی درمیانی رات کو فاریسٹ پروٹیکشن فورس اور وائلڈ لائف محکمہ کو اطلاع ملی کہ ہائی گام ویٹ لینڈ کے بالاکل شاہولی پورہ بیٹ میں سمگلر بید کی لکڑی سمگل کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں اور سمگلروں نے بید کے کئی درختوں کا صفا کردیا ہے۔ اطلاع ملنے کے بعد وائلڈ لائف (بقیہ ۶ پر)

بھارت نے 2025 میں اب تک کی سب سے زیادہ
44.5 گیگاواٹ قابل تجدید توانائی کا اضافہ کیا۔حکومت

نئی دہلی ۲۹ دسمبر/ ہندوستان نے 2025 میں سب سے زیادہ قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں اضافہ دیکھا جو 44.51 گیگاواٹ (نومبر تک) ہے جو پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران 24.72 گیگاواٹ کے مقابلے تقریباً دوگنا ہے۔نومبر 2025 میں کل قابل تجدید توانائی کی تنصیب کی صلاحیت 253.96 گیگا واٹ تک پہنچ گئی، جو نومبر 2024 میں 205.52 گیگاواٹ کے مقابلے میں 23 فیصد زیادہ ہے۔شمسی توانائی کی صلاحیت میں اضافہ 34.98 گیگاواٹ ہے، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران 20.85 گیگاواٹ تھا۔ جنوری، 2025 میں شمسی توانائی کی تنصیب کی صلاحیت 100 گیگا واٹ سے تجاوز کر گئی۔نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت کے مطابق، نومبر 2025 میں شمسی توانائی کی تنصیب کی صلاحیت 132.85 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے جو کہ نومبر 2024 میں 94.17 گیگا واٹ کے مقابلے میں 41 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے۔ہوا کی صلاحیت میں بھی 5.82 گیگا واٹ کی صلاحیت کے اضافے کے ساتھ خاطر خواہ اضافہ درج کیا گیا جو پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران 3.2 گیگا واٹ تھا۔مارچ 2025 میں ونڈ انرجی کی انسٹال کردہ صلاحیت 50 گیگاواٹ سے تجاوز کر گئی۔نومبر 2025 میں ونڈ انرجی کی انسٹال کردہ صلاحیت 53.99 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے جو کہ نومبر 2024 میں 7.96 گیگاواٹ کے مقابلے میں 12.5 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے۔کوپ-26 میں بیان کردہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کے مطابق، حکومت 2030 تک 500 گیگاواٹ غیر فوسل توانائی کی صلاحیت تک پہنچنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ہندوستان نے جون 2025 میں غیر جیواشم ایندھن کے ذرائع سے اپنی مجموعی الیکٹرک پاور انسٹال کرنے کی صلاحیت کا 50 فیصد کا سنگ میل حاصل کیا، پیرس معاہدے میں اس کے قومی طور پر طے شدہ شراکت کے تحت مقرر کردہ 2030 کے ہدف سے پانچ سال پہلے۔ملک نے اگست 2025 میں غیر فوسل پاور انسٹال کرنے کی صلاحیت کا 250 گیگاواٹ کا سنگ میل عبور کیا۔

اناؤ آبروریزی کیس: کلدیپ سینگر کو سپریم کورٹ سے بڑا جھٹکا
ضمانت کے حکم پر روک

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) سپریم کورٹ نے پیر کے روز دہلی ہائی کورٹ کے اس حکم پر روک لگا دی ہے جس میں اناؤ ریپ کیس میں اتر پردیش کے سابق ایم ایل اے کلدیپ سنگھ سینگر کی سزا معطل کرتے ہوئے انہیں ضمانت دی گئی تھی۔ یہ حکم دہلی ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) کی جانب سے دائر کی گئی خصوصی درخواست (ایس ایل پی) پر سماعت کرتے ہوئے جاری کیا گیا۔ کیس کی سماعت چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جے کے مہیشوری اور جسٹس آگسٹین جارج مسیح پر مشتمل تعطیلاتی بنچ نے کی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت نے حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں قانون کے کئی اہم سوالات جڑے ہوئے ہیں۔ عدالتِ عظمیٰ نے واضح کیا کہ عام طور پر ضمانت پر رہا ہونے والے شخص کی بات سنے بغیر اس کے حکم پر روک نہیں لگائی جاتی، لیکن اس کیس کے حقائق غیر معمولی ہیں۔ عدالت نے جواب داخل کرنے کے لیے چار ہفتے کا وقت دیا ہے۔سی بی آئی نے 26 دسمبر 2025 کو ایک خصوصی درخواست دائر کی تھی، جس میں دہلی ہائی کورٹ کے 23 دسمبر کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ ہائی کورٹ نے سینگر کی اپیل زیر التواء رہنے کے دوران ان کی عمر قید کی سزا معطل کر دی تھی۔ یاد رہے کہ دسمبر 2019 میں سی بی آئی کی خصوصی عدالت نے کلدیپ سینگر کو اناؤ ضلع میں ایک نابالغ لڑکی کے ساتھ زیادتی کا مجرم قرار دیتے ہوئے 25 لاکھ روپے جرمانے کے ساتھ عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ سینگر نے جنوری 2020 میں دہلی ہائی کورٹ میں اپنی سزا کے خلاف اپیل دائر کی تھی اور بعد ازاں مارچ 2022 میں سزا پر روک لگانے کی درخواست دی تھی۔ ہائی کورٹ نے 23 دسمبر کو اپنے حکم میں سزا معطل کرتے ہوئے کچھ شرائط کے ساتھ ضمانت دے دی تھی۔ تاہم، سینگر ابھی بھی جیل میں ہی رہیں گے کیونکہ وہ متاثرہ کے والد کے قتل (غیر ارادی قتل) سے متعلق ایک علیحدہ سی بی آئی کیس میں 10 سال کی سزا کاٹ رہے ہیں۔

اینٹی بائیوٹکس کے غلط استعمال پر پی ایم مودی کا پیغام بروقت ہے۔طبی ماہرین

نئی دہلی/ ۲۹ دسمبر/ ایم این این/ وزیر اعظم نریندر مودی کا اینٹی بائیوٹکس کے غلط استعمال کے خلاف پیغام بروقت ہے اور صحت کے ماہرین نے پیر کو کہا کہ اینٹی مائکروبیل ریزسٹنس (AMR)) کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔پی ایم مودی نے اتوار کو سال کی اپنی آخری من کی بات میں لوگوں کو اینٹی بائیوٹکس کے غلط استعمال کے خلاف خبردار کیا اور ملک میں AMR کی بڑھتی ہوئی سطح پر تشویش کا اظہار کیا۔وزیر اعظم نے انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ (آئی سی ایم آر) کی ایک حالیہ تشویشناک رپورٹ کا حوالہ دیا، جس میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان میں نمونیا اور یوٹی آئی جیسی بیماریوں کے خلاف اینٹی بائیوٹکس کم موثر ہو رہی ہیں۔اسے انتہائی تشویشناک" قرار دیتے ہوئے، انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اتفاقی طور پر اینٹی بائیوٹکس نہ لیں۔آئی سی ایم آر کے ڈائریکٹر جنرل راجیو بہل نے بتایا، "من کی بات میں وزیر اعظم نریندر مودی نے پورے ملک کی توجہ ایک بہت اہم مسئلے کی طرف مبذول کرائی ہے، جو کہ اینٹی مائکروبیل مزاحمت ہے۔اینٹی مائکروبیل ریزسٹنس کا مطلب یہ ہے کہ وہ بیکٹیریا جو نمونیا، پیشاب کی نالی کے انفیکشن یا سیپسس جیسے انفیکشن کا سبب بنتے ہیں اب وہ اینٹی بائیوٹکس کے خلاف ردعمل ظاہر نہیں کر رہے ہیں یا ان کے خلاف مزاحم نہیں ہو رہے ہیں جو ہم ان کے علاج کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے ہم سب نے پہلے سوچا تھا کہ ہم کسی بھی انفیکشن کا علاج کر سکتے ہیں کیونکہ ہمارے پاس اینٹی بائیوٹکس ہیں، لیکن بیکٹیریا مزید بڑھ رہے ہیں۔ڈاکٹر راجیو جے دیون، آئی ایم اے کوچین کے سابق صدر اور ریسرچ سیل، کیرالہ کے کنوینر نے اے ایم آر کو ایک سنگین اور خاموش خطرہ قرار دیا جو ہمارے صحت کی دیکھ بھال کے نظام پر منڈلا رہا ہے۔یہ ایک خوفناک منظر ہے جہاں اینٹی بائیوٹکس بیکٹیریا کے خلاف بے اثر ہو جاتے ہیں۔ یہ خاص طور پر اس تناظر میں اہم ہے کہ ہمارے ہتھیاروں میں کوئی نئی اینٹی بائیوٹک شامل نہیں کی جا رہی ہے۔ چونکہ AMR میں خود درد یا کھانسی جیسی کوئی واضح علامات نہیں ہیں، اس لیے زیادہ تر لوگ اس سے لاعلم ہیں۔وزیر اعظم کے تبصروں کی اسے قومی توجہ دلانے کی بہت ضرورت ہے۔ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کی ایک حالیہ رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ 2023 میں ہندوستان میں ہر تین میں سے ایک بیکٹیریل انفیکشن عام طور پر استعمال ہونے والی اینٹی بائیوٹکس کے خلاف مزاحم تھا۔عالمی سطح پر، یہ چھ میں سے ایک تصدیق شدہ انفیکشن تھا۔

سپریم کورٹ نے اراولی کے حوالے سے احکامات
اور کمیٹی کی رپورٹ کے نفاذ پر پابندی عائد کی

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) سپریم کورٹ نے پیر کے روز اراولی پہاڑیوں کی ترمیم شدہ تعریف ' سے متعلق اپنے سابقہ احکامات اور ایک ماہر کمیٹی کی رپورٹ کے نفاذ پر پابندی لگا دی۔ عدالت نے اراولی کے حوالے سے اٹھنے والی تشویش کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ترمیم کو غلط سمجھا جا رہا ہے کہ اس سے ماحولیاتی لحاظ سے حساس علاقوں میں غیر قانونی کان کنی کی اجازت مل سکتی ہے۔ہندوستان کے چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جے کے ماہیشوری اور اے جی مسیح کی ایک عارضی بنچ نے کہا کہ ترمیم شدہ تعریف کو نافذ کرنے سے پہلے مزید وضاحت کی ضرورت ہے۔ بنچ نے تبصرہ کیا کہ ہمیں یہ ضروری لگتا ہے کہ کمیٹی کی سفارشات اور اس عدالت کے احکامات کو مؤخر رکھا جائے۔عدالت نے اراولی کی اپ ڈیٹ شدہ تعریف کے حوالے سے 'تفتیش یا نظر ثانی' کی ضرورت والے امور کا مطالعہ کرنے کے لیے ایک نئی ماہر کمیٹی تشکیل دینے کا بھی حکم دیا۔ بنچ نے مرکزی حکومت، راجستھان، گجرات، دہلی اور ہریانہ کی حکومتوں کو بھی نوٹس جاری کیے۔سپریم کورٹ نے معاملے کی سماعت 21 جنوری کو مقرر کی ہے۔ترمیم شدہ تعریف کے تحت مرکزی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن پر کارکنوں اور سائنسدانوں کی جانب سے مخالفت اور تشویش ظاہر کیے جانے کے بعد عدالت نے خود نوٹس لیتے ہوئے یہ کارروائی شروع کی تھی۔پچھلے مہینے سپریم کورٹ نے اراولی کی ترمیم شدہ تعریف کو قبول کر لیا تھا اور مرکزی حکومت کو علاقے میں کسی بھی نئی کان کنی کی سرگرمی کی اجازت دینے سے پہلے مستقل کان کنی کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کرنے کا حکم دیا تھا۔

سپریم کورٹ کا فیصلہ اناؤ متاثرہ اور
اس کے ساتھ کھڑے لوگوں کی جیت: کانگریس

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) کانگریس اناؤ عصمت دری معاملے میں ہائی کورٹ کے فیصلے پر روک لگانے کے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ متاثرہ اور اس کے ساتھ کھڑے ہونے والوں کی جیت ہے۔مہیلا کانگریس کی صدر الکا لامبا نے پیر کو یہاں نامہ نگاروں سے کہا، آج سپریم کورٹ کے فیصلے نے ہائی کورٹ کے اس فیصلے پر روک لگا دی ہے، جس میں کلدیپ سنگھ سینگر کو ضمانت دی گئی تھی۔ سپریم کورٹ کے فیصلے سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ نابالغ کی عصمت دری اور اس کے کنبہ کے افراد کے قتل کا مجرم بی جے پی کا سابق ایم ایل اے کلدیپ سنگھ سینگر جیل سے باہر نہیں آئے گا۔ یہ متاثرہ، اس کے اہل خانہ اور اس کے ساتھ کھڑی ہر آواز کی جیت ہے۔لیکن یہ لڑائی ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی پر بھی حملہ کیا اور کہا کہ مسٹر مودی کہتے تھے کہ نابالغوں کی عصمت دری کرنے والوں کو جرم ثابت ہوتے ہی پھانسی پر لٹکا دیا جائے گا، لیکن سب نے دیکھا ہے کہ عصمت دری کرنے والوں اور مجرموں کو کس طرح تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ کلدیپ سینگر کا معاملہ اب سپریم کورٹ پہنچ گیا ہے۔کلدیپ سنگھ سینگر ہوں، انکیتا بھنڈاری کے مجرم ہوں یا بلقیس بانو کے، مسٹر مودی اور ان کی حکومت ہر معاملے میں بے نقاب ہوئی ہے۔آج انصاف کی جیت ہوئی ہے، لیکن یہ لڑائی انصاف کی فراہمی تک جاری رہے گی۔محترمہ لامبا نے کہا کہ جب کلدیپ سنگھ سینگر کو ضمانت ملی تو متاثرہ اپنی ماں کے ساتھ انڈیا گیٹ پر احتجاج پر بیٹھی، تو بی جے پی اور اس کے حامیوں نے اس کا مذاق اڑایا۔کلدیپ سنگھ سینگر کو ضمانت ملی، کیونکہ سی بی آئی نے کمزور لڑائی لڑی۔ انہوں نے کہا، ان سب کے درمیان کانگریس پارلیمانی پارٹی کی لیڈر سونیا گاندھی اور پارٹی لیڈر راہل گاندھی نے اپنے گھروں کے دروازے کھولے اور متاثرہ لڑکی اور اس کے خاندان کو یقین دلایا کہ جب تک انہیں انصاف نہیں مل جاتا وہ ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ ہم نے یہ لڑائی قانونی طور پر لڑنے کے ساتھ ہی سڑکوں پر بھی جدوجہد کی۔انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بیٹیوں کے مجرموں کی رہائی اور پیرول پر چھوڑنے کا تماشہ ختم ہونا چاہیے۔انہیں سزائے موت دی جانی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی ملک کی مظلوم بیٹیوں کو انصاف ملنے تک ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

بھوپیندر یادو نے اراولی پر عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا،
کہا کہ حکومت اراولی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کے وزیر بھوپیندر یادو نے سپریم کورٹ کے اپنی سابقہ ہدایات پر عمل آوری پر روک لگانے کے فیصلے اور اراولی پہاڑیوں کی نظر ثانی شدہ تعریف سے متعلق ایک ماہر کمیٹی کی رپورٹ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ماحولیات کی وزارت کی طرف سے مانگی گئی تمام مدد فراہم کرنے کے لیے پوری طرح پابند ہے۔ پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں عدالت کے فیصلے کے بعد مسٹر یادو نے کہا کہ ہم معزز سپریم کورٹ کی جانب سے اراولی رینج کے بارے میں اپنے سابقہ حکم پر لگائے گئے اسٹے کا خیر مقدم کرتے ہیں اور متعلقہ مسائل کا مطالعہ کرنے کے لیے ایک نئی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ہم ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کی وزارت کی طرف سے مانگی گئی تمام مدد فراہم کرنے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ اب کان کنی پر مکمل پابندی برقرار رہے گی۔" قابل ذکر ہے کہ سپریم کورٹ نے اراولی پہاڑیوں کی نظر ثانی شدہ تعریف سے متعلق اپنی سابقہ ہدایات اور ماہر کمیٹی کی رپورٹ پر عمل درآمد پر روک لگا دی ہے۔ اراولی پہاڑیوں کے بارے میں اٹھائے گئے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے عدالت نے کہا کہ اس ترمیم کو ماحولیاتی طور پر حساس علاقوں میں غیر منظم کان کنی کی اجازت دینے کے طور پر غلط سمجھا جا رہا ہے۔ چھٹی والی بنچ جس میں چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جے کے۔مہیشوری اور اے جی مسیح نے کہا کہ نظر ثانی شدہ تعریف کو لاگو کرنے سے پہلے مزید وضاحت کی ضرورت ہے۔ بنچ نے ریمارکس دیئے ہم کمیٹی کی سفارشات اور اس عدالت کی ہدایات کو التوا میں رکھنا ضروری سمجھتے ہیں۔"

باہمی اتحاد کے ذریعہ خواجہ غریب نواز کے پیغام محبت
کو عام کر کے اپنے وطن کو مثالی ملک بنائیں: ارشد فریدی چشتی

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) سلسلہ چشتیہ کے معروف بزرگ سلطان الہند حضرت خواجہ سید معین الدین حسن چشتی سنجری اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے 814ویں عرس کے موقع پر منعقد سیمینار میں حضور خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کو آسمان ولایت کا ماہ درخشاں قرار دیتے ہوئے جہاں ان کی ذات کو دیار ہند میں انعام خداوندی اور عطائے رسول بتایا گیا، وہیں غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کو اسلام کا ایک عظیم مصلح و داعی قرار دیا گیا۔اس سیمینار میں دنیا کو یہ پیغام بھی دیا گیا کہ بزرگوں کی بارگاہ میں سچا خراج عقیدت یہ ہے کہ ہم ان کی تعلیمات پر عمل کریں اور معاشرے میں سلگتے مسائل کے حل کیلئے تعلیمات صوفیاء کو عام کیا جائے۔ یہ علمی و روحانی اجتماع اجمیر شریف کے جانشین مخدوم المشائخ حضرت سید محمد علی حمزہ میاں چشتی اور خانقاہ عالیہ چشتیہ حلیمیہ محبوب منزل اجمیر شریف کے سرپرست کی سرپرستی میں اس مقدس مرکز میں نہایت ہی وقار اور احترام کے ساتھ منعقد ہوا جہاں روایت اور عصری ایک دوسرے کو گلے لگاتے رہے۔اس 64ویں سیموزیم کی نظامت حضرت پیر زادہ رئیس میاں چشتی (درگاہ حضرت سلیم چشتی، فتح پور سیکری، آگرہ) نے کی جو گزشتہ 40 برسوں سے اس ذمہ داری کو منفرد انداز سے نبھا رہے ہیں۔ان کے متاثر کن اسلوب، شاعرانہ اور صوفیانہ اشعار نے سامعین کو مسحور کیا اور محفل کو ایک خاص رونق بخشی، جو کہ صوفی روایت کا طرہ امتیاز ہے۔ اپنے صدارتی خطاب میں حضرت سید محمد علی حمزہ میاں چشتی نے عرس اور سیمینار کے تاریخی پس منظر پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔انہوں نے بتایا کہ عرس کی روایت اور علمی سیمینار کس طرح ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں۔ ایک ایمان کو مضبوط کرتا ہے، دوسرا فکر اور فہم کو فروغ دیتا ہے۔

دہلی: کہرے اور فضائی آلودگی میں زبردست اضافہ

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) قومی دارالحکومت میں پیر کے روز حد نگاہ میں زبردست کمی دیکھی گئی، کیونکہ فضائی آلودگی اور گہرے کہرے کی موٹی تہہ نے پورے این سی آر کو اپنی زد میں لے لیا تھا جس کی وجہ سے معمولات زندگی متاثر ہوئے۔ آلودگی پر کنٹرول کے مرکزی بورڈ (سی پی سی بی) کے مطابق ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 318 ریکارڈ کیا گیا جو کہ انتہائی خراب زمرے میں شمار کیا جاتا ہے۔صبح کے وقت صورتحال مزید ابتر تھی اور صبح 7 بجے تک ہوا کے معیار کا اشاریہ (اے کیو آئی) 403 تک پہنچ گیا تھا۔گہرے کہرے کی وجہ سے حد نگاہ تقریباً صفر تک کم ہو گئی جس کے نتیجے میں آئی جی آئی ہوائی اڈے پر پروازوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر ٹرینوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی۔ شدید سردی اور اسموگ کے سبب نوئیڈا میں اسکول بند کر دیے گئے۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے دہلی میں انتہائی گھنے کہرے کے پیش نظر اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے کے مطابق زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت تقریباً 22 اور کم از کم 7 ڈگری سیلسیس رہنے کی توقع ہے۔آنند وہار میں ہوا کا معیار سب سے زیادہ خراب ریکارڈ کیا گیا جہاں اے کیو آئی 459 رہا۔ دیگر علاقوں میں بھی فضائی آلودگی بدترین درجے میں ہے، جن میں آئی جی آئی ایئرپورٹ کا اے کیو آئی (317)، آئی آئی ٹی دہلی (362)، آئی ٹی او (400)، لودھی روڈ (359) اور چاندنی چوک میں (423) درج کیا گیا ہے۔

دہلی میں گھنی دھند کے باعث 125 سے زیادہ پروازیں منسوخ

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر گھنے کہرے کی وجہ سے پیر کی صبح 125 سے زیادہ پروازیں منسوخ اور آٹھ کو دوسرے شہروں کی طرف موڑ دیا گیا۔دہلی ایئرپورٹ کے حکام نے بتایا کہ صبح 9 بجے تک مختلف ایئر لائنز کی 64 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔اس کے علاوہ دیگر شہروں سے آنے والی اتنی ہی تعداد میں پروازیں بھی منسوخ کر دی گئیں۔ دہلی پہنچنے والی آٹھ پروازوں کو دوسرے شہروں کی طرف موڑ دیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق ایئرپورٹ پر حد نگاہ ایک میٹر رہ گئی۔دہلی ہوائی اڈے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر بتایا کہ رات 1 بجے سے ہی کیٹ- 3 طریقہ کار کے تحت چل رہی ہیں۔ یہ سلسلہ صبح 10 بجے تک جاری رہا۔اس کا مطلب ہے کہ جو طیارے اور عملے کے ارکان کیٹ- 3 کے لیے اہل ہیں وہیں لینڈنگ اور ٹیک آف کر سکتے ہیں۔ کیٹ- 3 انتہائی جدید آلات کی مدد سے لینڈنگ اور ٹیک آف کی سہولت ہے، جو انتہائی گھنے کہرے کے حالات میں استعمال ہوتی ہے۔ایئر لائنز نے مسافروں کو ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں انہیں مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ہوائی اڈے کے لیے روانہ ہونے سے پہلے اپنی پروازوں کے بارے میں معلومات حاصل کر لیں۔

شیئر بازار پر فروخت حاوی، سینسیکس میں 346 پوائنٹس کی گراوٹ

ممبئی، 29 دسمبر (یو این آئی) ابتدائی تیزی کے بعد فروخت کے دباؤ کے باعث پیر کے روز ملکی شیئر بازاروں میں چاروں جانب گراوٹ دیکھنے میں آئی اور بی ایس ای کا 30 حصص پر مشتمل حساس اشاریہ سینسیکس 345.91 پوائنٹس یعنی 0.41 فیصد کم ہو کر 84,695.54 پوائنٹس پر بند ہوا۔نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی- 50 اشاریہ بھی 100.20 پوائنٹس یعنی 0.38 فیصد کی کمی کے ساتھ 25,942.10 پوائنٹس پر آ گیا۔صبح بازار کا آغاز گراوٹ کے ساتھ ہوا تھا تاہم کھلتے ہی دونوں بڑے اشاریے سبز نشان میں چلے گئے لیکن کچھ ہی دیر بعد ایک بار پھر گراوٹ کا شکار ہو گئے۔ درمیانی اور چھوٹی کمپنیوں کے حصص پر بھی دباؤ دیکھا گیا۔نفٹی مڈکیپ- 50 اشاریہ 0.50 فیصد اور اسمال کیپ- 100 اشاریہ 0.72 فیصد ٹوٹ گیا۔ آٹو، آئی ٹی، ریئلٹی، صحت اور صارف مصنوعات کے شعبوں میں زیادہ گراوٹ رہی جبکہ میڈیا، ایف ایم سی جی اور سرکاری بینکوں کے اشاریوں میں تیزی دیکھی گئی۔ سینسیکس میں اڈانی پورٹس کا شیئر دو فیصد سے زیادہ کم ہو گیا۔

جیفریز نے ایشیا پیسیفک پورٹ فولیو کو دوبارہ مختص کیا ہندوستان اور تائیوان کی حمایت کی

نئی دہلی/ ۲۹ دسمبر/ ایم این این/ گلوبل انویسٹمنٹ بینک جیفریز نے چین اور انڈونیشیا کے لیے ایکسپوزر کو کم کرتے ہوئے ہندوستان اور تائیوان کے لیے مختص رقم میں ایک ایک فیصد اضافہ کر کے اپنے ایشیا پیسفک سابق جاپان کے رشتہ دار واپسی کے پورٹ فولیو کو اسٹریٹجک طور پر دوبارہ متوازن کیا ہے۔ یہ دوبارہ تقسیم جیفریز کے درمیانی مدت کی آمدنی کے نقطہ نظر اور ساختی ترقی کے ڈرائیوروں پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے، لچکدار گھریلو طلب اور بنیادی ڈھانچے کی قیادت میں ترقی کا حوالہ دیتے ہوئے، اور تائیوان، اعلیٰ درجے کی سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ اور عالمی سپلائی چین میں اپنے اہم کردار سے فائدہ اٹھا رہا ہے۔ فرم نے وسیع تر پورٹ فولیو ایڈجسٹمنٹ بھی کیں، بشمول عالمی اور بین الاقوامی پورٹ فولیوز میں بینک سینٹرل ایشیا کو سیم سائنگ الیکٹرونکس کے ساتھ تبدیل کرنا، جو کہ میکرو اکنامک ترقیات، مرکزی بینک کی پالیسیوں، اور سٹاک کے مخصوص عوامل کے متواتر جائزوں کے ذریعے کارفرما ہے۔

بحریہ کا مقامی طور پر بنایا ہوا بحری جہاز، کونڈینیا،
اپنے پہلے سمندر پار سفر پر عمان کے لیے روانہ

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) بحریہ کے روایتی طور پر بنائے گئے مقامی بحری جہاز آئی این ایس کونڈینیا نے پیر کو گجرات کے پور بندر سے سلطنت عمان کے مسقط تک اپنے پہلے سمندر پار سفر کا آغاز کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جہاز کی تعمیراتی ٹیم کو مبارکباد دی اور اس کے عملے کے لیے ایک محفوظ اور یادگار سفر کے لیے نیک خواہشات پیش کیں۔ بحریہ کے ایک ترجمان نے کہا کہ یہ تاریخی مہم ہندوستان کی اپنی قدیم بحری ورثے کو زندہ کرنے، سمجھنے اور اسے متحرک سمندری سفر کے ذریعے منانے کی کوششوں میں ایک اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتی ہے۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں مسٹر مودی نے کہا کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ آئی این ایس کونڈینیا اپنے پہلے سفر پر پور بندر سے مسقط، عمان کے لیے روانہ ہو رہا ہے۔قدیم ہندوستانی جہاز سازی کی تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے بنایا گیا، یہ بحری جہاز ہندوستان کی بھرپور سمندری روایات کو اجاگر کرتا ہے۔" اور ہندوستانی بحریہ کو اس مخصوص بحری جہاز کو زندہ کرنے کے لیے ان کی وقف کوششوں کے لیے میں خواہش کرتا ہوں کہ وہ اس سفر پر روانہ ہوں، جو کہ تاریخی خلیجی خطے اور اس سے

ہندوستان اور آسٹریلیا مشترکہ خوشحالی اور
قابل اعتماد تجارت کے مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں۔پیوش گوئل

محمد شفیق ولد مہندی خان کی ملکیتی زمین پر ایک ڈرون مشکوک حالت میں پڑا ہوا ہے۔ اطلاع ملتے ہی ایس او جی کی ٹیم موقع پر پہنچی اور ڈرون کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ ڈرون کو تکنیکی جانچ کے لیے بھیج دیا گیا ہے، تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ اسے کہاں سے اڑایا گیا تھا، اس کا مقصد کیا تھا اور آیا اس کا تعلق کسی غیر قانونی سرگرمی سے ہے یا نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیکورٹی ایجنسیاں ڈرون کے ممکنہ نیٹ ورک اور اس کو آپریٹ کرنے والے عناصر کی شناخت کے لیے مزید تصدیقی کارروائی میں مصروف ہیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

کپواڑہ اور شوپیان

میں کہا گیا ہے کہ وی پی این خدمات کا غلط استعمال غیر قانونی اور ملک مخالف سرگرمیوں میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، جن میں امن عامہ میں خلل ڈالنا، اشتعال انگیز یا گمراہ کن مواد پھیلانا، اور ایسے رابطے قائم کرنا شامل ہیں جو امن وامان کیلئے نقصان دہ ہوں۔ حکم کے مطابق فوری صورتحال کے پیش نظر کپواڑہ ضلع کی حدود میں وی پی این خدمات کے تمام استعمال پر پابندی عائد کی جاتی ہے، سوائے ان خدمات کے جنہیں حکومت کسی مخصوص سرکاری حکم کے ذریعے اجازت دے۔ پابندی کا اطلاق تمام افراد، اداروں، سائبر کیفے اور انٹرنیٹ سروس پروائیڈرز پر ہوگا۔ حکم کی خلاف ورزی کرنے والے افراد یا اداروں کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ کپواڑہ اور ہندواڑہ کے ایس ایس پیز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ احکامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں۔ یہ حکم نامہ فوری طور پر نافذ العمل ہوچکا ہے اور دو ماہ تک برقرار رہے گا، جب تک کہ مجاز اتھارٹی اسے قبل از وقت واپس نہ لے۔ ادھر شوپیاں میں پولیس نے عام لوگوں کو مطلع کیا ہے کہ امن عامہ کو برقرار رکھنے اور سیکورٹی کو یقینی بنانے کے مفاد میں، ڈپٹی کمشنر شوپیاں نے ضلع شوپیاں میں ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (VPN) خدمات کو اگلے احکامات تک فوری طور پر معطل کرنے کا حکم دیا ہے، مذکورہ حکم موجودہ سیکورٹی تحفظات اور VPN خدمات کے ممکنہ غلط استعمال کے پیش نظر جاری کیا گیا ہے، جو قانونی نگرانی میں رکاوٹ بن سکتے ہیں اور عوامی تحفظ کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ ضلع شوپیاں کے تمام باشندوں سے گزارش ہے کہ وہ اس حکم پر سختی سے عمل کریں اور ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

کھیل شہریوں کو

بال فیڈریشن آف انڈیا کے جنرل سیکرٹری پرتاپ پاگار اور سپورٹس کونسل کی سیکرٹری نزہت گل بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی گولڈ میڈل جیتنے والوں کو بھی اعزاز سے نوازا اور ان کی شاندار کامیابیوں اور یوٹی کو عالمی سطح پر شہرت دلانے میں ان کے تعاون کی قدر کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کھیل شہریوں کو مختلف علاقوں اور ثقافتوں سے جوڑنے کا ایک طاقتور ذریعہ ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ جموں وکشمیر کی حکومت جموں وکشمیر کے ہر کونے میں کھیلوں کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور دکھانے کیلئے مناسب پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کو قومی سطح کے چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جموں وکشمیر کی ٹیمیں اور دیگر ریاستوں کے شرکاء کھیلوں کی روح کو آگے لے جائیں گے اور اپنے علاقوں اور ملک کا قومی اور عالمی سطح پر فخر کا باعث بنیں گے۔ اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے وزیر برائے یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس مسٹر ستیش شرما نے تمام شرکاء کو نیک خواہشات پیش کیں اور اسپورٹس کونسل کو بڑے پیمانے پر چیمپئن شپ کے انعقاد پر سراہا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کے مشیر مسٹر اصر اسلم وانی نے جموں شہر میں شرکاء کا پرجوش استقبال کیا اور انہیں بہترین مہمان نوازی کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جموں میں قومی سطح کی چیمپئن شپ کی میزبانی جے اینڈ کے کیلئے فخر کا باعث ہے۔ سلوبیوں جونیئر رول بال نیشنل چیمپئن شپ جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے جے اینڈ کے رول بال ایسوسی ایشن کے اشتراک سے میزبانی اور اسپانسر کی جارہی ہے جو جموں وکشمیر کی تمام سطحوں پر کھیلوں کو فروغ دینے اور قومی کھیلوں کے منظرنامے کو مضبوط کرنے کے عزم کی دوبارہ تصدیق کرتی ہے۔

سرینگر میں خصوصی

کو درمیان میں نہیں روکنا چاہیے۔ سری نگر میں آتشزدگی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے بارے میں پوچھے جانے والے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اس سلسلے میں انتظامیہ نے پہلے ہی احتیاطی ہدایات اخباروں کے ذریعے جاری کی ہیں لوگوں کو چاہئے کہ وہ ان ہدایات پر سختی سے عمل کریں تاکہ ان واقعات سے بچا جاسکے۔ انہوں نے برقی آلات کو لاپرواہی سے استعمال کرنے سے خبردار کیا اور کہا کہ گھروں کے قریب خشک گھاس رکھنے سے آگ لگنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ مسٹر لبرو نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی واقعے کے متعلق حکام کو فوری طور پر مطلع کریں تاکہ فائر اینڈ ایمرجنسی سیمیں فوری جواب دے سکیں۔

ہانی کورٹ کے

سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جموں کیمپس میں افتتاحی سیشن کا آغاز ڈائریکٹر جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈیمی نصیر احمد دار کے خطبہ استقبالیہ سے ہوا جنہوں نے نظام انصاف کی فراہمی کو مضبوط بنانے میں ثالثی کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایڈوانس اور عملی نوعیت کی ثالثی تربیت، موثر تنازعات کے حل کے لئے درکار مہارتوں سے ثالثوں کو آراستہ کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اُنہوں نے اپنے خطاب کے دوران ریسورس پرسن کا تعارف بھی کروایا اور شرکا کو تین روزہ پروگرام میں خوش آمدید کہا۔ سری نگر کیمپس میں پروگرام کا آغاز سیکرٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سری نگر مجسم قادر پرے کے خطبہ استقبالیہ سے ہوا جنہوں نے تنازعات کے حل کے طریقہ کار کو بہتر بنانے میں ثالثی تربیت کی افادیت کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے شرکا کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ کورس کے مواد اور عملی مشقوں میں بھرپور حصہ لیں۔ سری نگر میں افتتاحی سیشن میں سیکرٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی انت ناگ میر صائم قیوم نے بھی شرکت کی۔ افتتاحی دن سری نگر کیمپس میں ایڈووکیٹ گوہاٹی ہائی کورٹ آسام ریتا داس موزم دار بطور ریسورس پرسن موجود تھیں جبکہ جموں کیمپس میں ایڈووکیٹ گوہاٹی ہائی کورٹ آسام سمن شرما اور ایڈووکیٹ پنجاب و ہریانہ ہائی کورٹ بلبیر کور بطور ریسورس پرسنز موجود تھے۔ تمام ریسورس پرسنز سپریم کورٹ آف انڈیا کی ثالثی اور مفاہمت پروجیکٹ کمیٹی (ایم سی پی سی) سے تسلیم شدہ ثالثی ٹرینر ہیں۔ کورس کے نصاب کے مطابق پہلے دن میں ایڈوانس ثالثی کے تصورات پر مبنی منظم نظریاتی اور عملی ماڈیولز شامل تھے۔ سیشن اوّل میں تنازعہ کو سمجھنے اور تنازعات کے حل پر گفتگو کی گئی جس میں تنازعہ کے ادراک، تنازعات کے اسباب اور حل کے طریقہ کار کا احاطہ کیا گیا۔ اس سیشن میں رول پلے ایکسرسائز کے بعد گروپ ڈسکشن اور غور وفکر بھی شامل تھا۔ سیشن دوم میں ثالثی پر توجہ مرکوز کی گئی جس میں اس کی تعریف، اجزا اور ثالث کے کردار کے ساتھ بنیادی اصولوں پر زور دیا گیا۔ سیشن سوم میں ثالثی کے انعقاد پر بحث کی گئی جس میں مشترکہ نشستیں، انفرادی نشستیں، تعطل توڑنے کی تکنیکیں اور ثالثی کی کارروائیوں کو بند کرنے کے طریقے شامل تھے۔ اس سیشن نے شرکا کو ثالثی کے پورے عمل کا شروع سے آخر تک تفصیلی جائزہ فراہم کیا۔ ان سیشنوں میں لیکچرز، رول پلے اور استفساری مباحثے شامل تھے جس سے شرکا کو نظریاتی اُصولوں کو عملی ثالثی حالات میں لاگو کرنے کا موقعہ ملا۔ یہ تین روزہ ایڈوانس کورس شرکا کی ثالثی کے عمل سے متعلق فہم کو گہرا کرنے، عملی مہارتوں میں اضافہ کرنے اور یونین ٹیریٹری بھر میں تربیت یافتہ ثالثوں کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کا ہدف رکھتا ہے۔ دونوں مراکز میں شرکا نے عملی اور سمیولیشن پر مبنی طریقہ کار کو سراہا اور کہا کہ منظم رول پلے نے یہ واضح کیا کہ ثالثی ٹولز روزمرہ کے کام میں کس طرح موثر طور پر شامل کئے جاسکتے ہیں۔ جموں اور سری نگر میں بیک وقت پروگرام کا انعقاد ہائی کورٹ جموں وکشمیر اور لداخ کی جانب سے یونین ٹیریٹری میں ثالثی سے متعلق بیداری بڑھانے اور متبادل تنازعاتی حل (اے ڈی آر ADR) کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔

ٹنگمرگ جنگلات میں

حصہ ہے۔ ڈانوا س ٹنگمرگ، گلمرگ اور ملحقہ جنگلاتی علاقوں کے درمیان ایک قدرتی راہداری کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

جموں وکشمیر میں جدید

کشمیر میں اس وقت دو فرانزک سائنس لیبارٹریاں — جموں اور سرینگر — قائم ہیں، جن کا ہیڈ کوارٹر جموں میں ہے۔ یہ ڈھانچہ 1964 میں محکمہ داخلہ کے تحت قائم کیا گیا تھا۔ تاہم جدید فرانزک سہولیات کی کمی کی وجہ سے پیچیدہ مجرمانہ تحقیقات میں چیلنجز درپیش رہتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جموں وکشمیر کی بین الاقوامی سرحد کے قریب اور تین ریاستی سرحدوں سے متصل حساس جغرافیائی اہمیت اسے دہشت گردی، منشیات کی اسمگلنگ اور آتشیں اسلحہ سے متعلق جرائم کے لیے ایک چیلنجنگ خطہ بناتی ہے۔ اے آئی آئی ایم ایس کے پروفیسر اور سربراہ شعبہ فرانزک میڈیسن و ٹاکسی کولوجی ڈاکٹر دنیش راؤ کے مطابق: "یہ ضروری ہے کہ یوٹی میں ایک جدید فرانزک انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے، جہاں تمام متعلقہ سائنسی سہولیات ایک چھت کے نیچے دستیاب ہوں۔ یہ ادارہ تحقیقاتی ایجنسیوں کے لیے سہولت ثابت ہوگا، جہاں شواہد محفوظ، جانچے اور جدید لیبارٹریوں میں تجزیہ کیے جائیں گے۔" انہوں نے کہا کہ حکومت کی حمایت کے ساتھ اے آئی آئی ایم ایس ایسا عالمی معیار کا انسٹی ٹیوٹ قائم کرسکتا ہے جو پولیس اور وفاقی اداروں کو جرائم اور دہشت گردی کے انسداد میں جدید سائنسی معاونت فراہم کرے گا۔ اس فرانزک انسٹی ٹیوٹ کی منظوری کو جموں وکشمیر میں تحقیقات کے انفراسٹرکچر کی مضبوطی اور جرم ودہشت گردی کے خلاف سائنسی جدوجہد کو تقویت دینے کی جانب اہم قدم قرار دیا جارہا ہے۔

مرکز ریاستی حکومتوں

ملک ہے اور یہاں ہر مذہب کا احترام اولین شرط ہے"، انہوں نے کہا بنگلہ دیش کی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے امید ظاہر کی کہ پڑوسی ملک میں انتخابات پُرامن ماحول میں منعقد ہوں اور ایک نئی حکومت تشکیل پائے۔ "ہم خطے میں امن، دوستی اور بھائی چارہ چاہتے ہیں۔ امید ہے کہ ڈھاکا میں بننے والی نئی حکومت بھارت کے ساتھ دوستی کا نیا راستہ اختیار کرے گی"۔ انہوں نے نئے سال کے حوالے سے دعا کی کہ آنے والا سال گزشتہ سال سے بہتر ثابت ہو، لوگوں کے مسائل کم ہوں اور خطے میں امن اور سیاحت کو نئی تقویت ملے۔

آغا روح اللہ اور

کرنے میں مدد کرے"، چودھری نے کہا۔ یونین ٹیریٹری میں انتظامی اختیارات کے بارے میں چودھری نے کہا کہ منتخب حکومت کے پاس ابھی بھی مکمل اختیار نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زیادہ تر اختیارات لیفٹیننٹ گورنر (ایل جی) کے دفتر کے پاس رہتے ہیں، اور ایل جی، کابینہ اور منتخب نمائندوں کے کردار کی وضاحت کے لیے واضح کاروباری قواعد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا، ہم نے یہ مسئلہ پارلیمنٹ میں اٹھایا، یہ پوچھا کہ اگر منتخب حکومت اور ایم ایل ایز کے پاس اب بھی اختیارات نہیں ہیں تو انتخابات کا مقصد کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی کی تعریف کرنے کے بارے میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے چودھری نے کہا کہ وزیر اعظم کا عہدہ فطری طور پر احترام کی دعوت دیتا ہے۔ چودھری نے کہا کہ منتخب حکومت کو مضبوط مینڈیٹ ملا، لیکن حد بندی کے بعد مکمل اختیارات بحال ہونا باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "حد بندی ہوگئی، الیکشن ہوگئے، لیکن ریاست کا درجہ ابھی تک بحال نہیں ہوا، یہ ہماری سب سے بڑی ترجیح ہے، "انہوں نے کہا۔ یوٹی کے باہر کشمیری باشندوں پر تشدد اور حملوں کے معاملے پر چودھری نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں اور کارکنوں کے ساتھ ناروا سلوک کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ امت شاہ نے تمام ریاستی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ جموں وکشمیر کے لوگوں کے ساتھ منصفانہ اور باعزت سلوک کو یقینی بنائیں اور تشدد میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی شروع ہوچکی ہے۔ ریزرویشن کے بارے میں، این سی لیڈر چودھری نے کہا کہ ان کی پارٹی اس کی حمایت کرتی ہے اور اسے اپنے منشور میں شامل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے سپریم کورٹ کے رہنما خطوط کے تحت اپنی رپورٹ پیش کی۔ UT" کابینہ نے اس کی منظوری دی اور اسے لیفٹیننٹ گورنر کو بھیج دیا۔ ایک بار منظور ہونے کے بعد، ریزرویشن نافذ ہوجائے گا،" انہوں نے کہا۔

ایس ایس پی کولگام

ایس ڈی پی او بانہال، نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا کے نمائندگان، قاضی گنڈ ایکسپریس وے پرائیویٹ لمیٹڈ کے نمائندے اور متعلقہ پولیس افسران موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ٹنل کے اندر اور آس پاس پیش آنے والے حالیہ ٹریفک حادثات پر بھی تفصیلی بحث ہوئی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تیز رفتاری انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ ہے اور مسافروں سے اپیل کی گئی کہ وہ ٹنل کے اندر مقررہ حد رفتار 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سختی سے پابندی کریں تاکہ حادثات کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے۔ ایس ایس پی کولگام نے میٹنگ کے دوران تمام اداروں کو ہدایت دی کہ سیکورٹی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے بین الادارہ تعاون میں اضافہ کیا جائے، 24 گھنٹے مؤثر نگرانی رکھی جائے، رسائی کنٹرول سخت کیا جائے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری ردعمل کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو معیاری عملی طریقہ کار پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے بروقت رابطے اور کوآرڈی نیشن کو یقینی بنانا اجلاس میں شریک اداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ چوکنا رہیں، عوامی تحفظ کو اولین ترجیح دیں اور ٹنل کی سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ اور بلا خلل آمد ورفت کو یقینی بنانے کے لیے باہمی تعاون جاری رکھیں۔

نائب وزیر اعلیٰ

اور کھیلوں کے شوقین افراد بھی موجود تھے۔ یہ چیمپئن شپ جموں وکشمیر بلٹز ڈرائیو سنوکر ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقد کی گئی تھی اور اس میں جموں وکشمیر بھر سے تقریباً 200 کھلاڑیوں نے پرجوش شرکت کی، جو جموں وکشمیر میں کیو اسپورٹس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کی عکاسی کرتی ہے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے شرکاء اور فاتحین کو مبارکباد دی اور چیمپئنز کو طویل عرصے تک بہترین طریقے سے تقریب منعقد کرنے پر سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے زور دیا کہ کھیل افراد کو جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور نوجوانوں کی توانائی کو مثبت اور تعمیری سمت میں موڑنے کا ایک طاقتور ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں میں باقاعدہ شرکت نوجوانوں میں نظم وضبط، ٹیم ورک اور صحت مند مقابلے کی روح پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر کی حکومت کھیلوں کی ترویج پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور جموں وکشمیر کے تمام اضلاع میں عالمی معیار کی کھیلوں کا انفراسٹرکچر بنانے کا عزم رکھتی ہے۔ انہوں نے کھیلوں کی تنظیموں اور ایسوسی ایشنز کو مسلسل تعاون کی یقین دہانی کرائی تاکہ نوجوان ٹیلنٹ کو پرورش دی جاسکے اور نوجوان اتھلیٹس کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر کمال دکھانے کے پلیٹ فارم مہیا کئے جاسکیں۔

اونتی پورہ میں دریائے

اور علاقے کی تاریخی شناخت کے تحفظ کے لیے یکساں طور پر سرگرم ہے۔ پولیس نے مقامی عوام سے اپیل کی کہ اگر انہیں کہیں بھی قدیم نوادرات یا مشتبہ تاریخی اشیا ملیں تو وہ فوراً متعلقہ حکام کو اطلاع دیں تاکہ انہیں مناسب طریقے سے محفوظ کیا جاسکے۔ حکام کے

کرکٹ کی دنیا میں بھوٹان کا دھماکہ: سونم یشے نے آٹھ وکٹیں لے کر عالمی ریکارڈ پاش پاش کر دیا

گیلیفو (بھوٹان)، 29 دسمبر (یو این آئی) کرکٹ کے میدان سے ایک ایسی خبر سامنے آئی ہے جس نے سب کو حیران کر دیا ہے۔ بھوٹان کے 22 سالہ نوجوان بائیں ہاتھ کے اسپنر سونم یشے نے ٹی 20 بین الاقوامی کرکٹ کی تاریخ کا نیا باب رقم کرتے ہوئے ایک ہی میچ میں 8 وکٹیں حاصل کرنے کا منفرد عالمی اعزاز اپنے نام کر لیا ہے۔ وہ دنیا کے پہلے بولر بن گئے ہیں جنہوں نے مختصر ترین فارمیٹ کے ایک ہی میچ میں 8 شکار کیے۔ میانمار کے خلاف کھیلے گئے تیسرے ٹی 20 میچ میں سونم یشے کسی قہر سے کم ثابت نہ ہوئے۔ انہوں نے اپنے مقررہ 4 اوورز میں صرف 7 رنز کے عوض 8 وکٹیں حاصل کر کے حریف ٹیم کے پرخچے اڑا دیے۔ بھوٹان کے 127 رنز کے ہدف کے تعاقب میں میانمار کی پوری ٹیم محض 45 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔ سونم کی اس جادوئی بالنگ نے نہ صرف اپنی ٹیم کو فتح دلائی بلکہ ریکارڈ بکس میں بھی اپنا نام سنہرے حروف سے درج کروا لیا۔ سونم یشے سے قبل مردوں کی ٹی 20 کرکٹ میں صرف دو بولرز (ملائیشیا کے ادریس اور بحرین کے علی داؤد) سات وکٹیں لینے کا کارنامہ انجام دے سکے تھے۔ ڈومیسٹک کرکٹ میں بھی کولن ایکرمین اور تسکین احمد جیسے نامور بولرز 7 وکٹوں سے آگے نہ بڑھ سکے تھے۔ سونم یشے نے ان تمام ریکارڈز کو پیچھے چھوڑتے ہوئے وہ مقام حاصل کر لیا ہے جو اب تک ناممکن تصور کیا جاتا تھا۔ خواتین کی کرکٹ میں انڈونیشیا کی روہالیا نے 2024 میں منگولیا کے خلاف بغیر کوئی رن دیے 7 وکٹیں حاصل کی تھیں، جو کہ اب تک کا بہترین ریکارڈ تھا۔ تاہم، 8 وکٹوں کا ہندسہ اب تک کسی بھی سطح پر چھوا نہیں گیا تھا، جسے اب سونم یشے نے حقیقت کا روپ دے دیا ہے۔ جولائی 2022 میں ملائیشیا کے خلاف اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والے سونم یشے نے اب تک 34 میچوں میں 37 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ موجودہ سیریز میں ان کی فارم عروج پر ہے جہاں وہ چار میچوں میں 12 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں اور ابھی سیریز کا آخری معرکہ باقی ہے۔

اسمرتی مندھانا کے بین الاقوامی کرکٹ میں 10 ہزار رنز مکمل متھالی راج کا ریکارڈ توڑ دیا

ترواننت پورم، 29 دسمبر (یو این آئی) ہندوستانی ویمنز کرکٹ ٹیم کی اسٹار اوپنر اسمرتی مندھانا نے اپنی بلے بازی سے دنیائے کرکٹ میں ایک نیا باب رقم کر دیا ہے۔ سری لنکا کے خلاف چوتھے ٹی 20 میچ کے دوران انہوں نے بین الاقوامی کرکٹ کے تمام فارمیٹس میں 10 ہزار رنز مکمل کرنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ وہ یہ کارنامہ انجام دینے والی دوسری ہندوستانی اور مجموعی طور پر دنیا کی چوتھی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔ مندھانا نے یہ سنگ میل محض 281 اننگز میں عبور کیا، جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے۔ انہوں نے سابق ہندوستانی کپتان متھالی راج 291) اننگز)، شارلٹ ایڈورڈز 308) اننگز) اور سوزی بیٹس 314) اننگز) کو پیچھے چھوڑتے ہوئے تیز ترین 10 ہزار رنز بنانے والی کھلاڑی کا اعزاز اپنے نام کیا۔ اسمرتی مندھانا کے لیے سال 2025 کسی خواب سے کم ثابت نہیں ہوا۔ ہندوستان کی ورلڈ کپ فتح میں کلیدی کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ وہ ایک کیلنڈر ایئر میں ایک ہزار ون ڈے رنز بنانے والی پہلی خاتون بلے باز بھی بنیں۔ انہوں نے اس سال مجموعی طور پر 1660 سے زائد رنز بنا کر اپنا ہی پچھلا ریکارڈ 1659) رنز) توڑ دیا ہے، جو کسی بھی خاتون کھلاڑی کے ایک سال میں سب سے زیادہ رنز ہیں۔ محض رنز ہی نہیں، بلکہ مندھانا نے اپنی جارحانہ بیٹنگ سے ٹی 20 کرکٹ میں سب سے زیادہ چھکے لگانے کا ہندوستانی ریکارڈ بھی اپنے نام کر لیا ہے۔ انہوں نے اپنی کپتان ہرمن پریت کور کے 77 چھکوں کا ریکارڈ توڑتے ہوئے اب 78 سے زائد چھکے اپنے کھاتے میں درج کر لیے ہیں۔ اعداد و شمار پر ایک نظر: کھلاڑی کا نام کل رنز متھالی راج (ہندوستان 10,868 (سوزی بیٹس (نیوزی لینڈ 10,652 (شارلٹ ایڈورڈز (انگلینڈ 10,273 (اسمرتی مندھانا (ہندوستان 10,000(

آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 4 جنوری سے

سڈنی، 29 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیا اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان میزبان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 4 جنوری 2026 سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ پر شروع ہوگا۔ میزبان آسٹریلوی ٹیم کو مہمان انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹیسٹ میچوں پر مشتمل ایشز سیریز میں 3-1 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ کینگروز نے پہلے ٹیسٹ میچ میں مہمان انگلینڈ کو 8 وکٹوں سے شکست دی، برسبین میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں بھی میزبان آسٹریلوی ٹیم نے انگلینڈ کی ٹیم کو 8 وکٹوں سے مات دی تھی، اسی طرح ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے تیسرے ٹیسٹ میچ میں 82 رنز سے شکست دے کر ایشز سیریز میں فیصلہ کن برتری بھی قائم کر لی تھی تاہم ایم سی جی میلبورن میں کھیلے گئے چوتھے ٹیسٹ میچ میں مہمان انگلینڈ کی ٹیم نے میزبان کینگروز کو 4 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میزبان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ 4 سے 8 جنوری 2026 کو سڈنی کرکٹ گراؤنڈ، سڈنی میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کی ٹیم مایہ ناز آل راؤنڈر بین سٹوکس لیڈ کر رہے ہیں۔

مودی نے کونرو ہمپی اور ارجن ایریگیسی کو مبارکباد دی

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے فِڈے ورلڈ ریپڈ شطرنج چیمپئن شپ 2025 میں کانسہ کا تمغہ جیتنے پر کونرو ہمپی اور ارجن ایریگیسی کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے پیر کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں لکھا کہ دوحہ میں منعقدہ فِڈے ورلڈ ریپڈ شطرنج چیمپئن شپ 2025 میں خواتین کے مقابلوں میں کانسہ کا تمغہ حاصل کرنے والی کونرو ہمپی نے قابلِ ستائش کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے تئیں ہمپی کی لگن اور محنت لائقِ تحسین ہے اور وہ آئندہ بھی کامیابیوں کا سفر جاری رکھیں گی۔ ایک علیحدہ پیغام میں وزیر اعظم نے اوپن سیکشن میں کانسہ کا تمغہ جیتنے پر ارجن ایریگیسی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کا حوصلہ اور عزم قابلِ فخر ہے۔ مودی نے ارجن کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ قابلِ ذکر ہے کہ دوحہ میں منعقدہ اس عالمی شطرنج چیمپئن شپ میں خواتین کے زمرے میں کونرو ہمپی جبکہ مردوں کے زمرے میں ارجن ایریگیسی نے کانسہ کا تمغہ اپنے نام کر کے ملک کا نام روشن کیا۔

گس ایٹکنسن فٹنس مسائل کے باعث سڈنی ٹیسٹ سے باہر

کینبرا، 29 دسمبر (یو این آئی) انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر گس ایٹکنسن ہیمسٹرنگ انجری کے باعث ایشز سیریز کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ 27 سالہ گس ایٹکنسن کی اسکین رپورٹس میں انجری کی تصدیق کے بعد انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے ان کی عدم دستیابی کا اعلان کیا ہے۔ گس ایٹکنسن کو یہ انجری ملبورن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے چوتھے ٹیسٹ کے دوران پیش آئی، جہاں انہوں نے میچ کے دوسرے دن مسلسل پانچ اوورز کرانے کے بعد میدان چھوڑ دیا تھا۔ اس کے بعد وہ نہ تو بولنگ کر سکے اور نہ ہی دوبارہ فیلڈ میں آ سکے تھے۔ انگلینڈ ٹیم مینجمنٹ نے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں 4 جنوری سے شروع ہونے والے پانچویں اور آخری ٹیسٹ کے لیے کسی متبادل کھلاڑی کو شامل نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ انگلینڈ کے فاسٹ بولنگ اٹیک کو اس سیریز میں انجریز کے باعث شدید مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ مارک ووڈ گھٹنے کی انجری کے سبب برسبین ٹیسٹ کے بعد سیریز سے باہر ہو گئے تھے، جبکہ جوفرا آرچر بھی ایڈیلیڈ ٹیسٹ کے بعد فٹنس مسائل کی وجہ سے ایشز سیریز کے بقیہ میچز میں حصہ نہ لے سکے۔ اہم فاسٹ بولرز کی عدم موجودگی میں انگلینڈ کو سڈنی ٹیسٹ کے لئے میدان میں اترنا ہوگا، جس سے ٹیم پر اضافی دباؤ متوقع ہے۔ واضح رہیکہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 4 جنوری 2026 سے سڈنی میں شروع ہوگا۔

پیٹ کمنز اور ہیزل ووڈ کو ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ سکواڈ میں شامل کئے جانے کا امکان

ملبورن، 29 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیائی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز آل راؤنڈر اور کپتان پیٹ کمنز، تجربہ کار فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ اور جارح مزاج بیٹر ٹم ڈیوڈ کو انجری خدشات کے باوجود آسٹریلیا کے ممکنہ ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ اسکواڈ میں شامل کیے جانے کا قوی امکان ہے۔ پیٹ کمنز کمر کی انجری کا شکار ہیں اور آئندہ چار ہفتوں میں ان کا ایک اور اسکین کیا جائے گا، جس کے بعد ان کی حتمی دستیابی کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پیٹ کمنز جولائی میں انجری کے بعد اب تک صرف ایک بین الاقوامی میچ کھیل سکے ہیں۔ انہوں نے انگلینڈ کے خلاف ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں شاندار بولنگ کی، تاہم ٹیم مینجمنٹ نے کسی بھی خطرے سے بچنے کے لیے انہیں باقی سیریز سے آرام دے دیا تھا۔ آسٹریلیائی کوچ اینڈریو میکڈونلڈ کے مطابق پیٹ کمنز کو 15 رکنی عبوری سکواڈ میں شامل کیا جائے گا، تاہم ان کی شرکت کا حتمی فیصلہ ٹورنامنٹ کے قریب کیا جائے گا۔ جوش ہیزل ووڈ، جو ہیمسٹرنگ انجری کے باعث مکمل ایشز سیریز نہیں کھیل سکے تھے، بھارت کے خلاف حالیہ ٹی ٹونٹی میچز میں عمدہ کارکردگی دکھا چکے ہیں اور ان کی فٹنس تسلی بخش قرار دی جا رہی ہے۔ دوسری جانب مڈل آرڈر کے اہم کھلاڑی ٹم ڈیوڈ کو باکسنگ ڈے پر بی بی ایل کے دوران ہیمسٹرنگ انجری کا سامنا کرنا پڑا، تاہم یہ انجری اس سے قبل آئی پی ایل میں ہونے والی انجری سے مختلف بتائی جا رہی ہے۔ ٹیم مینجمنٹ کو امید ہے کہ وہ ورلڈ کپ سے قبل مکمل فٹ ہو جائیں گے۔ واضح رہے کہ آسٹریلیا اپنا پہلا ورلڈ کپ میچ 11 فروری کو کھیلے گا جبکہ گروپ مرحلے میں اس کے ابتدائی حریف آئرلینڈ اور زمبابوے ہوں گے۔ ٹیم سری لنکا سے 16 فروری کو مدمقابل ہوگی۔ اس سے قبل آسٹریلوی ٹیم تیاری کے لیے جنوری کے آخر میں پاکستان کے خلاف تین ٹی ٹونٹی میچز بھی کھیلے گی، جس کے باعث کچھ کھلاڑی بی بی ایل کے فائنلز سے محروم رہ سکتے ہیں۔

نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز: ہاردک پانڈیا اور جسپریت بمراہ کو آرام دیئے جانے کا امکان

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) آئندہ ٹی 20 ورلڈ کپ کے اہم مشن کو مدنظر رکھتے ہوئے ہندوستانی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) اور ٹیم مینجمنٹ نے اپنے دو اہم ترین کھلاڑیوں ہاردک پانڈیا اور جسپریت بمراہ کو نیوزی لینڈ کے خلاف شیڈول تین ون ڈے میچوں کی سیریز سے آرام دیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق، ان دونوں کھلاڑیوں کے 'ورک لوڈ' کو مینج کرنے کے لیے انہیں براہِ راست ٹی 20 سیریز میں میدان میں اتارا جائے گا۔ ہاردک پانڈیا، جو صرف محدود اوورز کی کرکٹ کھیلتے ہیں، فٹنس مسائل کی وجہ سے مارچ میں چیمپئنز ٹرافی کے فائنل کے بعد سے کوئی ون ڈے میچ نہیں کھیل سکے ہیں۔ دوسری جانب، جسپریت بمراہ کی ٹیم میں اہمیت کے پیشِ نظر ان کی فٹنس پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے، وہ 2023 کے ورلڈ کپ فائنل کے بعد سے تاحال ون ڈے فارمیٹ سے دور ہیں۔ مینجمنٹ کا ماننا ہے کہ ورلڈ کپ سے قبل ان دونوں کا مکمل فٹ ہونا ناگزیر ہے۔ بی سی سی آئی کے لازمی ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے ہاردک پانڈیا کے بارے میں توقع ہے کہ وہ وجے ہزارے ٹرافی میں بڑودہ کی نمائندگی کریں گے۔ اسی طرح ویراٹ کوہلی دہلی کے لیے دو میچ کھیلنے کے بعد 6 جنوری کو ریلوے کے خلاف آخری لیگ میچ کھیلیں گے اور پھر قومی ٹیم جوائن کریں گے۔ روہت شرما ممبئی کے لیے اپنی ڈومیسٹک ذمہ داریاں پوری کر چکے ہیں اور اب براہِ راست ون ڈے سیریز میں کپتانی سنبھالیں گے۔ شریاس ایئر انجری کے بعد واپسی کی کوششوں میں مصروف ایئر 3 جنوری کو مہاراشٹر کے خلاف ممبئی کی طرف سے کھیل کر اپنی فٹنس کا امتحان دیں گے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف تین ون ڈے میچز 11، 14 اور 18 جنوری کو بالترتیب بڑودہ، راجکوٹ اور اندور میں کھیلے جائیں گے۔ اس کے بعد 21 جنوری سے پانچ میچوں کی ٹی 20 سیریز کا آغاز ہوگا، جس میں پانڈیا اور بمراہ کی واپسی یقینی دکھائی دے رہی ہے۔

کھیلوں کی دنیا میں 2025 کے وہ معرکے جو تاریخ بن گئے

نئی دہلی، 29 دسمبر (یو این آئی) سال 2025 کھیلوں کی تاریخ میں ایک سنگِ میل کے طور پر رقم ہو چکا ہے۔ ایک ایسا سال جس نے برسوں کی پیاس بجھا دی، انتظار کی زنجیریں توڑ ڈالیں اور ناممکن کو ممکن بنا دکھایا۔ اس سال میدانوں میں صرف مقابلے نہیں ہوئے، نئے ہیرو ابھرے اور کھیلوں کے افق پر کامیابی کا ایک نیا سورج طلوع ہوا۔ یہ وہ سال تھا جس نے تاریخ کا رخ موڑ دیا اور شائقین کو یادوں کا ایسا خزانہ دے گیا جو مدتوں تازہ رہے گا۔ اس سال میدانوں میں صرف مقابلے نہیں ہوئے، نئے ہیرو ابھرے اور کھیلوں کے افق پر کامیابی کا ایک نیا سورج طلوع ہوا۔ یہ وہ سال تھا جس نے تاریخ کا رخ موڑ دیا اور شائقین کو یادوں کا ایسا خزانہ دے گیا جو مدتوں تازہ رہے گا۔ ہندوستانی خواتین کرکٹ: ناممکن اب ممکن، پہلا عالمی اعزاز: برسوں کی کڑی محنت اور کئی ناکامیوں کے بعد، بالآخر ہندوستانی خواتین کرکٹ ٹیم نے تاریخ کا رخ موڑ دیا۔ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کے فائنل میں جنوبی افریقہ کو 52 رنز سے شکست دے کر ہندوستان نے پہلی بار عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ شفالی ورما کی بلے بازی اور دیپتی شرما کی جادوئی بالنگ نے اس جیت میں کلیدی کردار ادا کیا۔ یہ فتح ہندوستان میں خواتین کی کرکٹ کے لیے ایک نئے انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ لینڈو نورس: فارمولا ون کے نئے فرماں روا: ابوظہبی کے یاس مرینا سرکٹ پر رفتار کے سنسنی خیز مقابلے میں میک لارن کے لینڈو نورس نے اپنی زندگی کی پہلی فارمولا ون ڈرائیورز چیمپئن شپ جیت کر تاریخ رقم کر دی۔ اعصاب شکن فائنل میں، جہاں ہر سیکنڈ اہمیت کا حامل تھا، نورس نے ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور میکس ورسٹاپن کو محض دو پوائنٹس کے فرق سے پچھاڑ کر عالمی تاج اپنے سر سجا لیا۔ یہ جیت محض ایک ٹرافی نہیں بلکہ نورس کی انتھک محنت کا ثمر ہے۔ روری میک الرائے': گرین جیکٹ 'اور مکمل گرینڈ سلیم کا خواب سچ: گولف کی دنیا میں روری میک الرائے نے وہ کر دکھایا جس کا انتظار دنیا ایک دہائی سے کر رہی تھی۔ آگسٹا نیشنل کے سبزہ زاروں پر انہوں نے جسٹن روز کو ہرا کر 'دی ماسٹرز' کا خطاب جیتا اور اپنا کیریئر گرینڈ سلیم مکمل کیا۔ روری اب ان چھ عظیم کھلاڑیوں کی فہرست میں شامل ہو گئے ہیں جنہوں نے گولف کے چاروں بڑے میجرز جیتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں موجود خوشی کے آنسوان کے 11 سالہ طویل انتظار کی کہانی بیان کر رہے تھے۔ الیکس ایلا: فلپائن کے ٹینس افق پر نیا ستارہ: فلپائنی ٹینس اسٹار الیکس ایلا کے لیے 2025 کامیابیوں کا سال رہا۔ عالمی درجہ بندی میں 147 ویں نمبر سے سفر شروع کرنے والی اس نوجوان کھلاڑی نے ٹاپ 50 میں جگہ بنا کر سب کو حیران کر دیا۔ رافل نڈال اکیڈمی کی تربیت یافتہ ایلا نے نہ صرف اپنا پہلا ڈبلیو ٹی اے چیلنجر خطاب جیتا بلکہ فلپائن کے لیے گولڈ میڈل جیت کر اپنی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ پی ایس جی: یورپی فٹ بال کی بلندیوں پر قبضہ: پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) کا برسوں پرانا خواب شرمندہ تعبیر ہوا۔ مینیجر لوئس اینریک کی قیادت میں ٹیم نے انٹر میلان کو 0-5 سے عبرتناک شکست دے کر پہلی بار چیمپئنز لیگ کی ٹرافی اٹھائی۔ یہ جیت پی ایس جی کے مداحوں کے لیے ایک طویل اور صبر آزما انتظار کا حسین اختتام تھی۔

افریقہ کپ آف نیشنز 2025: موزمبیق کی تاریخی فتح، الجزائر ناک آؤٹ مرحلے میں داخل، سوڈان بھی جیتا

اگادیر، کاسابلانکا، 29 دسمبر (یو این آئی) اگادیر اور کاسابلانکا کے میدانوں سے افریقی فٹ بال کے سنسنی خیز نتائج: موزمبیق نے 39 سالہ انتظار ختم کر دیا، جبکہ دفاعی چیمپئن آئیوری کوسٹ اور کیمرون کا ٹکراؤ برابر رہا۔ افریقہ کپ آف نیشنز کی تاریخ میں بالآخر وہ دن آ ہی گیا جب موزمبیق نے اپنی پہلی کامیابی کا جشن منایا۔ اگادیر کے گرینڈ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک سنسنی خیز مقابلے میں موزمبیق نے گبون کو 3-2 سے شکست دے کر نئی تاریخ رقم کر دی۔ 1986 سے جاری ناکامیوں کا سلسلہ فیصل بنگل، جینی کاٹا مو اور ڈیوگو کالائلا کے گولز نے ختم کیا۔ گبون کی جانب سے اسٹار اسٹرائیکر پیئر ایمرک اوباملینگ کی کوششیں بھی اپنی ٹیم کو شکست سے نہ بچا سکیں۔ سابق چیمپئن الجزائر نے برکینا فاسو کے خلاف 0-1 کی اعصاب شکن فتح کے ساتھ ٹورنامنٹ کے پری کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ کپتان ریاض محریز نے پہلے ہاف میں پنالٹی پر گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی جو آخر تک برقرار رہی۔ الجزائر اب تک ٹورنامنٹ میں ناقابلِ شکست ہے اور گروپ ای میں 6 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے۔ مراکش کے میدان پر افریقی فٹ بال کے دو بڑے برج، دفاعی چیمپئن آئیوری کوسٹ اور کیمرون، آمنے سامنے آئے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان مقابلہ 1-1 سے برابر رہا۔ مانچسٹر یونائیٹڈ کے نوجوان اسٹار عماد ڈیالو نے دوسرے ہاف کے آغاز میں گول کر کے آئیوری کوسٹ کو برتری دلائی، لیکن محض پانچ منٹ بعد جونیئر چاماڈیو نے کیمرون کے لیے برابری کا گول داغ کر مقابلہ برابر کر دیا۔ گروپ ایف میں اب دونوں ٹیمیں چار چار پوائنٹس کے ساتھ برابری پر ہیں۔ سوڈان نے ناک آؤٹ مرحلے کی امیدیں زندہ رکھتے ہوئے استوائی گنی کو 0-1 سے ہرا دیا۔ میچ کا فیصلہ کن لمحہ 74 ویں منٹ میں آیا جب استوائی گنی کے دفاعی کھلاڑی ساؤل کوکو سے 'اون گول (Own Goal) ' سرزد ہو گیا۔ سوڈان کی یہ جیت انہیں گروپ ای میں دوسری پوزیشن کے قریب لے آئی ہے۔

انجری نہ ہوئی تو 'انشاء اللہ' ایک ہزار گول کروں گا کرسٹیانو رونالڈو کی ویڈیو وائرل

ریاض، 29 دسمبر (یو این آئی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ لیجنڈ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے مسلسل تیسری مرتبہ مشرقِ وسطیٰ (مڈل ایسٹ) بہترین فٹبالر آف دی ایئر کا اعزاز حاصل کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پرتگالی اسٹار کو یہ اعزاز دبئی میں منعقد ہونے والی گلوب سوکر ایوارڈز کی تقریب میں دیا گیا، جہاں انہوں نے کریم بنزیما، سالم الدوسری اور ریاض محرز جیسے نمایاں کھلاڑیوں کو پیچھے چھوڑا۔ سال 2025ء کے دوران رونالڈو نے تمام مقابلوں میں مجموعی طور پر 40 گول اسکور کیے، جو ان کی شاندار فارم اور مستقل کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔ وہ اس وقت سعودی عرب کے معروف کلب النصر کی نمائندگی کر رہے ہیں اور ان کا معاہدہ 2027ء کے وسط تک جاری رہے گا۔ ایوارڈ وصول کرتے وقت 40 سالہ اسٹار فٹبالر نے جذباتی تقریر میں کہا کہ مزید کھیلنا بہت مشکل ہے لیکن میرا جذبہ بلند ہے اور میں مزید کھیلنے کے لیے تیار ہوں۔ رونالڈو نے کہا کہ اس سے قطع نظر کہ مڈل ایسٹ میں کھیلوں یا یورپ میں، میں فٹبال کھیلنا، گولز کرنا اور ٹرافیز جیتنا پسند کرتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ میرا مقصد کیا ہے، میں مزید ٹرافیز جیتنا چاہتا ہوں اور ایک ہزار گول کرنا چاہتا ہوں، اگر انجری نہ ہوئی تو میں ایک ہزار گول ضرور کروں گا، انشاء اللہ'۔

نیوزی لینڈ کے آل راؤنڈر ڈگ بریسویل کا تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

ویلنگٹن، 29 دسمبر (یو این آئی) نیوزی لینڈ کے سابق آل راؤنڈر ڈگ بریسویل نے تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے، جس کے ساتھ ہی ان کا 18 سالہ پیشہ ورانہ کرکٹ کیریئر اختتام پذیر ہو گیا۔ اسپورٹس ویب سائٹ کے مطابق 35 سالہ ڈگ بریسویل نے 2008 کے اواخر میں سنٹرل ڈسٹرکٹس کی جانب سے فرسٹ کلاس کرکٹ میں ڈیبیو کیا، اس سے قبل وہ انڈر 19 سطح پر نیوزی لینڈ کی نمائندگی بھی کر چکے تھے۔ انہوں نے 2011 میں بین الاقوامی کرکٹ میں قدم رکھا اور ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹونٹی تینوں فارمیٹس میں ملک کی نمائندگی کی۔ 2011 سے 2023 کے دوران ڈگ بریسویل نے نیوزی لینڈ کے لیے 28 ٹیسٹ، 21 ون ڈے اور 20 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے۔ ان کے کیریئر کی یادگار کارکردگی آسٹریلیا کے خلاف ہوبارٹ ٹیسٹ میں سامنے آئی، جہاں اپنے تیسرے ہی ٹیسٹ میچ میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کے باعث انہیں مین آف دی میچ قرار دیا گیا اور نیوزی لینڈ نے 7 رنز سے تاریخی فتح حاصل کی۔ طویل عرصے سے پسلی کی انجری نے ڈگ بریسویل کو موجودہ ڈومیسٹک سیزن سے باہر رکھا، جو ان کے ریٹائرمنٹ کے فیصلے کی ایک بڑی وجہ بنی۔ ریٹائرمنٹ کے اعلان پر ڈگ بریسویل نے کہا کہ کرکٹ ان کی زندگی کا ایک قابلِ فخر حصہ رہی ہے اور بطور نوجوان کرکٹر وہ اپنے ملک کی نمائندگی کا خواب دیکھتے تھے۔ انہوں نے ساتھی کھلاڑیوں، کوچز اور ٹیم مینجمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں طویل عرصے تک کھیل سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملا، جو ان کے لیے باعثِ افتخار ہے۔

دنیا 2026 میں بڑے تنازعات کی طرف بڑھ رہی ہے: امریکی تھنک ٹینک

غزہ، یوکرین، ہندوستان پاکستان وافغانستان سمیت کئی محاذوں پر کشیدگی میں اضافے کی پیشگوئی

واشنگٹن، 29دسمبر (یو این آئی) امریکی تھنک ٹینک کونسل آن فارن ریلیشنز کی رپورٹ کے مطابق دنیا تیزی سے عدم استحکام اور تشدد کی جانب بڑھ رہی ہے اور

2026 میں کئی خطرناک عالمی تنازعات جنم لے سکتے ہیں۔ یہ عالمی امن اور امریکی قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بن سکتے ہیں۔ غزہ، یوکرین، پاک ہندوستان و افغانستان سمیت کئی محاذوں پر کشیدگی میں اضافے کی پیشگوئی کی گئی ہے جبکہ رپورٹ کے مطابق افریقہ اور مشرق وسطی میں بحران شدت اختیار کر سکتے ہیں، انسانی المیے بڑھنے کا اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ عالمی امن کو درپیش خطرات اب دوسری جنگ عظیم کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں۔ کونسل آن فارن ریلیشنز کے ذیلی ادارے سینٹر فار پریوینٹو ایکشن کی رپورٹ میں امریکی خارجہ پالیسی کے ماہرین نے دنیا بھر میں ممکنہ تنازعات کا جائزہ لے کر انہیں شدت اور اثرات کے لحاظ سے درجہ بند کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے اگرچہ غزہ، یوکرین، کانگو، ہندوستان اور پاکستان جیسے تنازعات کو کم کرنے کی کوشش کی، تاہم بعض مواقع پر سخت پالیسیوں اور دباو نے حالات کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ ماہرین نے اس بات پر بھی تنقید کی کہ امن سازی اور تنازعات کی روک تھام سے متعلق اداروں اور فنڈنگ کو کمزور کیا گیا۔ رپورٹ میں آئندہ برس پاکستان سے جڑے کئی ممکنہ سیکیورٹی خطرات کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ تمام خطرات درمیانے درجے کے امکان اور اثرات کے زمرے میں رکھے گئے ہیں، ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوبارہ مسلح تصادم ہوسکتا ہے، ۔افغانستان اور پاکستان کے درمیان دوبارہ لڑائی کا خدشہ ہے، جو سرحد پار شدت پسند حملوں کے دوبارہ شروع ہونے سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ کو سب سے زیادہ خطرات اس لیے لاحق ہیں کیونکہ اس کے دنیا بھر میں وسیع اتحادی اور سکیورٹی وعدے موجود ہیں۔

روس یوکرین جنگ بندی: ٹرمپ اور زیلنسکی کی طویل ملاقات بغیر کسی بڑے بریک تھرو کے ختم

95فی صد تک یوکرین روس امن معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن، 29دسمبر (یو این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کی ملاقات بغیر کسی بڑے بریک تھرو کے ختم ہوگئی۔ فلوریڈا میں ٹرمپ کی رہائش گاہ مارالاگو میں امریکی و یوکرینی صدر کی ملاقات 2 گھنٹے سے زائد تک جاری رہی۔ ملاقات میں روس یوکرین جنگ کے خاتمے سے متعلق امن منصوبے کے مختلف امور زیر غور آئے تاہم یوکرین کے مشرقی علاقے ڈونباس کے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی صورتحال تاحال برقرار ہے اور دونوں رہنما ڈونباس سے متعلق کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے۔ ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کیا کہ روس یوکرین جنگ ختم کرنے کے لیے معاہدے کے قریب ہیں تاہم انہوں نے ایک موقع پر مذاکرات کو پیچیدہ قرار دیتے ہوئے اعتراف کیا کہ ابھی امن منصوبے کے کچھ نکات پر حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ یوکرین کے مشرقی علاقے ڈونباس کے مستقبل سے متعلق چند مسائل ابھی حل طلب ہیں۔ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ کچھ غیر متوقع رکاوٹیں مذاکرات کے پورے عمل کو متاثر کرسکتی ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یوکرین کے لیے بہتر ہوگا کہ جلد معاہدہ کرلے ورنہ روس مزید علاقوں پر قبضہ کرسکتا ہے۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے بتایا کہ امریکی اور یوکرینی مذاکرات کاروں نے گزشتہ ہفتوں میں اہم پیش رفت کی ہے اور مسودے کے 90 فیصد نکات پر اتفاق ہو چکا ہے۔ صدر زیلنسکی کا مشرقی علاقے ڈونباس سے متعلق کہنا تھا کہ اس کا فیصلہ آخرکار یوکرینی عوام ہی کریں گے۔ ادھر غیر ملکی میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ امن معاہدے کے مسودے میں یوکرین کا علاقہ ڈونباس بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے کیونکہ روس پورے علاقے پر قبضے کا خواہاں ہیں اور پوتن خبردار کرچکے ہیں کہ یوکرین کو ڈونباس کے زیر کنٹرول علاقوں سے دستبردار ہونا ہوگا۔ دوسری جانب یوکرین کے صدر نے کہا کہ امریکی صدر نے ڈونباس کو آزاد اقتصادی زون بنانے کی تجویز پیش کی ہے، زیلنسکی نے گزشتہ دنوں اعلان کیا کہ وہ ملک کے مشرقی صنعتی علاقے ڈونباس سے فوجی دستوں کو واپس نکال سکتے ہیں، بشرطیکہ روس بھی اپنی افواج نکال دیں اور اس علاقے کو بین الاقوامی نگرانی میں ڈیملٹرائزڈ زون بنایا جائے۔

حوثی رہنما کا انتباہ': صومالی لینڈ میں اسرائیلی اڈہ قائم ہوا تو فوجی حملہ کریں گے

یہ یمن اور پوری عرب دنیا کے لیے ایک بڑا اسکیورٹی چیلنج

صنعا، 29دسمبر (یو این آئی) یمن کے حوثی باغی گروپ نے اسرائیل اور صومالی لینڈ کے درمیان بڑھتی ہوئی قربت کے خلاف سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے

کہا ہے کہ صومالی لینڈ پر کسی بھی اسرائیلی موجودگی کو حوثی فورسز کی طرف سے فوجی ہدف" تصور کیا جائے گا۔ حوثی کمانڈر عبدالملک الحوثی نے اتوار کے روز واضح کیا کہ صومالی لینڈ (صومالیہ کا ایک الگ ہوا علاقہ) کو اسرائیل کی جانب سے تسلیم کرنا نہ صرف صومالیہ کی خودمختاری کی خلاف ورزی کرتا ہے بلکہ یمن اور پوری عرب دنیا کے لیے ایک بڑا اسکیورٹی چیلنج بھی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اسرائیل اس خطے کو افریقی ممالک اور یمن کے خلاف دشمنانہ سرگرمیوں کے لیے لانچ پیڈ' کے طور پر استعمال کرنا چاہتا ہے۔ حوثی کمانڈر نے صومالیہ کے لوگوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کا گروپ صومالیہ کے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ انہوں نے مسلم اور عرب ممالک سے اپیل کی کہ وہ اسرائیل کی اس توسیع پسندی کے خلاف متحد اور مضبوط موقف اختیار کریں۔ کئی مسلم ممالک نے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے اسرائیل کے حالیہ فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں کئی عرب ممالک نے صومالیہ کی سالمیت اور خودمختاری کی حمایت کرتے ہوئے اسرائیل کے اس اقدام کی مذمت کی۔ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ تنازعہ بحیرہ احمر اور ہارن آف افریقہ کے خطے میں جغرافیائی سیاسی کشیدگی کو مزید تیز کرسکتا ہے۔

چین، تھائی لینڈ اور کمبوڈیا سہ فریقی ملاقات

بیجنگ/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) چین عالمی سفارتی کاری میں اپنی بڑھتی ہوئی موجودگی کی بنیاد پر جنوبی ایشیاء کے دو ممالک کمبوڈیا اور تھائی لینڈ کے درمیان ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں

دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ نے پیر کو اپنے چینی ہم منصب کے ساتھ ملاقات کی ہے۔ یہ سہ فریقی اجلاس متنازع سرحد کے شمال میں اور چین کے جنوب مغربی صوبے میں طے پایا ہے۔ یہ ملاقات، تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے درمیان، ہفتوں پر محیط اور 100 سے زائد افراد کی ہلاکت کا سبب بننے والی جنگ کے خاتمے کے لئے طے پانے والے، معاہدے پر دستخط سے دو دن بعد کی گئی ہے۔ ملاقات میں چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے علاقائی امن، استحکام اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ کوششوں کا مطالبہ کیا اور کہا ہے کہ نہ تو تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے عوام دوبارہ جنگ چاہتے ہیں اور نہ ہی بحیثیت دوست ملک کے چین اس کا خواہش مند ہے۔ لہٰذا ہمیں پیشگی سے مستقبل کی جانب دیکھنا اور آگے بڑھنا چاہیے۔ کمبوڈیا کے وزیر خارجہ پراک سوکون نے بھی امن کی امید ظاہر کی اور کہا ہے کہ وہ یقین رکھتے ہیں کہ تازہ جنگ بندی پائیدار رہے گی اور دونوں ممالک کو اپنے تعلقات پر کام کرنے کا اور اختلافات حل کرنے کے پہلے سے طے شدہ طریقوں کو بحال کرنے کا ماحول فراہم کرے گی۔ تھائی وزیر خارجہ سیہاسک فونگ کٹکیو نے بھی پڑوسی ممالک کے ساتھ امن کی امید ظاہر کی۔

جنوبی کوریا: سابقہ خاتونِ اوّل پر رشوت خوری اور ریاستی امور میں مداخلت کا الزام

سیول/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) جنوبی کوریا کے وکلاء نے چھ ماہ کی عدالتی کاروائی کے بعد ملک کی سابقہ خاتونِ اوّل کم کیون۔ ہی کو ریاستی معاملات میں غیر قانونی مداخلت " اور بدعنوانی کا قصوروار ٹھہرایا ہے۔ مقامی ذرائع ابلاغ کی آج بروز سوموار جاری کردہ خبروں کے مطابق پراسیکیوٹروں نے دعوی کیا ہے کہ جنوبی کوریا کی سابقہ خاتونِ اوّل نے فنونِ لطیفہ کے فن پارے، زیورات اور ایک ہینڈ بیگ سمیت 200,000 ڈالر سے زائد مالیت کے تحائف بطور رشوت قبول کیا اور ریاستی معاملات میں مداخلت کی ہے۔ یونہاپ خبر ایجنسی کے مطابق خصوصی اٹارنی من جونگ۔کی' کی ٹیم نے کہا ہے کہ کم پسِ پردہ کام کرتی رہیں۔ ٹیم کے معاون اٹارنی نے کہا ہے کہ سابق صدر کی شریک حیات عہدوں کی فروخت میں ملوث رہیں اور عوام کی نظروں سے اوجھل رہ کر ریاستی معاملات میں غیر قانونی مداخلت کرتی رہی ہیں۔ واضح رہے کہ گذشتہ ہفتے کم پر، تاجروں اور سیاسی شخصیات سے عہدوں اور سیاسی نامزدگیوں کے بدلے میں، قیمتی تحائف قبول کرنے کے الزامات کے تحت فردِ جرم عائد کی گئی تھی۔ پراسیکیوٹروں کا کہنا ہے کہ کم کی طرف سے کاروباری افراد اور سیاستدانوں سے وصول کی گئی رشوت کی مجموعی مقدار تقریباً 263,000 ڈالر تک

ہے۔ واضح رہے کہ سابق صدر یون سک۔یول اور ان کی اہلیہ کم کیون۔ ہی دونوں زیرِ حراست ہیں اور بالترتیب مارشل لا اور بدعنوانی کے الزامات پر الگ الگ مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں۔

سعودی عرب: مسجد الحرام میں افطار کیلئے درخواستیں طلب

مکہ المکرمہ/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز) مکہ المکرمہ سعودی عرب میں ادارہ امور حرمین کی جانب سے ماہ رمضان میں افطار کے لیے لائسنس یافتہ کیٹرنگ سروسز سے درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مسجد الحرام اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ماہ رمضان میں افطاری کے لیے ادارے کی جانب سے شرائط مقرر کردی گئی ہیں۔ ادارہ امور حرمین کے مطابق کارآمد لائسنس رکھنے والی وہ کمپنیاں جن پر کسی قسم کی صحت خلاف ورزی درج نہیں وہ اپنی خدمات فراہم کرنے کے لیے مقررہ ضوابط پر عمل کرتے ہوئے درخواست 10 رجب بمطابق 30 دسمبر 2025 تک جمع کرا سکتی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق کیٹرنگ کمپنی کو افطار دسترخوان کیلیے ضمانت دینی ہوگی کہ وہ کم از کم یومیہ 10 ہزار مقررہ فوڈ پیکٹس فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ واضح رہے زائرین کی سیفٹی یقینی بنانے کے لیے سخت ہیلتھ سٹینڈرز کی پابندی کرتے ہوئے حرمین شریفین کے مختص ایریاز میں افطار پیکٹس تقسیم کیے جاتے ہیں۔

غزہ فائر بندی معاہدے کے اگلے مرحلے سے

متعلق نیتن یاہو کی ٹرمپ سے فلوریڈا میں ملاقات

فلوریڈا/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو پیر 29دسمبر کے روز امریکی ریاست فلوریڈا میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کر رہے ہیں، جس میں غزہ کی جنگ میں فلسطینی تنظیم حماس کے ساتھ طے پانے والے فائر بندی معاہدے کے اگلے مرحلے سے متعلق تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔ ریاست فلوریڈا میں پام بیچ سے موصولہ رپورٹوں کے مطابق اس ملاقات میں امریکی صدر ٹرمپ کی طرف سے اس بات پر زور دیا جائے گا کہ غزہ پٹی کے جنگ بندی معاہدے میں اب اگلے مرحلے پر عمل درآمد شروع کیا جانا چاہیے۔ دونوں رہنماؤں کے مابین ٹرمپ کی مملکتی ریزورٹ مارالاگو میں ہونے والی اس ملاقات کو امریکی اہلکار اس لیے انتہائی اہم قرار دے رہے ہیں کہ وائٹ ہاؤس میں کئی اعلیٰ حکام کو خدشہ ہے کہ اسرائیل اور حماس دونوں ہی غزہ پٹی میں سیز فائر کے دوسرے مرحلے کی طرف بڑھتے ہوئے بہت سست

رفتاری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق اس ملاقات اور غزہ پٹی میں جنگ بندی معاہدے سے متعلق بات چیت کی درخواست اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کی تھی۔

غزہ میں بارش اور سردی نے قیامت ڈھادی، ہزاروں خیمے پانی میں ڈوب گئے، سردی سے اموات کا خدشہ

اقوام متحدہ کے اعداد وشمار کے مطابق غزہ کی تقریباً 80 فیصد عمارتیں جنگ میں تباہ یا جزوی طور پر متاثر ہوچکی ہیں

غزہ/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) غزہ میں جاری جنگ کے باعث بے گھر ہونے والے فلسطینیوں کی مشکلات میں سرد موسم اور شدید بارشوں نے مزید اضافہ کردیا ہے۔ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس اور ساحلی علاقے المواسی میں موسلا دھار بارش کے باعث خیموں میں رہنے والے ہزاروں افراد شدید سردی اور خوف کا شکار ہوگئے ہیں۔ اے ایف پی کے مطابق جنوبی غزہ میں رہائش پذیر 47 سالہ جمیل الشرافی کا کہنا ہے کہ رات گئے شروع ہونے والی بارش کے چند ہی منٹوں میں ان کا خیمہ پانی سے بھر گیا، جس کے باعث خوراک خراب ہوگئی اور کمبل بھیگ گئے۔ جمیل الشرافی، جو اپنے چھ بچوں کے ساتھ ایک عارضی خیمے میں رہتے ہیں، نے بتایا کہ بچے سردی اور خوف سے کانپ رہے

تھے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق غزہ کی تقریباً 80 فیصد عمارتیں جنگ میں تباہ یا جزوی طور پر متاثر ہوچکی ہیں، جبکہ 22 لاکھ آبادی میں سے تقریباً 15 لاکھ افراد اپنے گھروں سے محروم ہوچکے ہیں۔ غزہ میں فلسطینی این جی او نیٹ ورک کے ڈائریکٹر امجد الشوا نے بتایا کہ بے گھر افراد کے لیے تین لاکھ سے زائد خیموں کی ضرورت ہے، تاہم اب تک صرف 60 ہزار خیمے فراہم کیے جاسکے ہیں۔ ان کے مطابق اسرائیلی پابندیوں کے باعث انسانی امداد مطلوبہ سطح پر غزہ نہیں پہنچ پا رہی۔ اقوام متحدہ کے فلسطینی پناہ گزینوں کے ادارے یو این آر ڈبلیو اے نے بھی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خراب موسم نے غزہ کے عوام کی مشکلات کو دوگنا کردیا ہے۔ ادارے کے سربراہ فلپ لازارینی نے کہا کہ لوگ پانی سے بھرے کمزور خیموں اور ملبے کے درمیان زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور امداد کی ترسیل انتہائی ناکافی ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں ماہ کے آغاز میں بھی شدید سردی اور بارشوں کے باعث کم از کم 18 افراد جاں بحق ہوگئے تھے، جن میں کچھ افراد سردی لگنے اور کچھ جنگ سے متاثرہ عمارتیں گرنے کے باعث ہلاک ہوئے۔

اسلامک اسٹیٹ کے عسکریت پسندوں کے ساتھ

تصادم میں چھ شدت پسند اور تین ترک پولیس اہلکار ہلاک

انقرہ/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) ترک دارالحکومت انقرہ سے ملنے والی رپورٹوں کے مطابق ملکی وزیر داخلہ نے بتایا کہ ترک پولیس اور اسلامک اسٹیٹ یا داعش کے جہادیوں کے مابین یہ خونریز جھڑپ استنبول سے جنوب کی طرف واقع صوبے یالووا میں ایلمالی کے ضلع میں ہوئی اور زخمی ہونے والوں میں کم از کم آٹھ پولیس اہلکار اور ایک ایسا گارڈ بھی شامل ہے جو شبینہ ڈیوٹی پر تھا۔ بتایا گیا ہے کہ یہ جھڑپ اس وقت ہوئی، جب پولیس نے ایک ایسے گھر میں داخل ہو کر وہاں کارروائی کرنے کی کوشش کی، جہاں عسکریت پسند چھپے ہوئے تھے۔ اس واقعے کے فوری بعد ہمسایہ صوبے بورصہ سے اسپیشل فورسز کے اضافے دستے یالووا کی طرف روانہ کردیے گئے۔ ترکی کی نجی ٹی وی چینل این ٹی وی کے مطابق ایلمالی میں پولیس اور اسلامک اسٹیٹ کے عسکریت پسندوں کے مابین فائرنگ میں شدت کے بعد حکام نے اس

پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر وہاں واقع تمام پانچ اسکول دن بھر کے لیے بند کردیے۔ گزشتہ ہفتے ترک پولیس نے ملک کے مختلف حصوں میں بیک وقت درجنوں مقامات پر چھاپے مار کر ممنوعہ دہشت گرد تنظیم اسلامک اسٹیٹ یا داعش کے 115 ایسے شدت پسندوں کو گرفتار کرلیا تھا۔

انڈونیشیا کے مناڈو میں نرسنگ ہوم میں آگ لگنے سے 16 افراد ہلاک

پولیس لاشوں کی شناخت کے لیے کام کر رہی ہے

جکارتہ، 29دسمبر (یو این آئی رڈنیوا) انڈونیشیا کے شمالی سولاویسی صوبے کے دارالحکومت مناڈو کے ایک نرسنگ ہوم میں آگ لگنے سے کم از کم 16 افراد ہلاک ہوگئے۔ مقامی حکام نے پیر کو بتایا کہ انڈونیشیا کی پولیس لاشوں کی شناخت کے لیے کام کر رہی ہے۔ پولڈا سلوٹ کے تعلقات عامہ کے افسر الماسیہ پی حسیبوان کے مطابق، ہلاک شدگان کی لاشوں کی شناخت شمالی سولاویسی ریجنل پولیس (پولڈا سلوٹ) کے بھاینگکارا اسپتال میں کی جا رہی ہے۔ حسیبوان کے مطابق، اتوار کو مقامی وقت کے مطابق رات تقریباً 8:36 بجے مناڈو ضلع کے پال دعا ضلع کے رانومٹ سب ڈسٹرکٹ میں واقع پانچی وردھا دمائی نرسنگ ہوم میں آگ لگ گئی۔ مناڈو سٹی گورنمنٹ کے تین فائر انجن جائے وقوعہ پر پہنچے اور تقریباً 9:30 بجے آگ پر قابو پالیا۔ آگ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اہلکاروں نے فوری طور پر علاقے کو محفوظ بنانے اور امدادی کارروائیوں میں مدد کے لیے سرگرم عمل ہوگئے۔

میکسیکو میں ٹرین حادثہ، 13 افراد ہلاک

دسمبر (یو این آئی) میکسیکو کے جنوب 29اوساکا، مغربی علاقے اوساکا میں ٹرین موڑ کاٹتے ہوئے افراد 13 حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے 98 ہلاک اور مطابق میکسیکو میں ٹرین حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ٹرین اوساکا کے قصبے نزندا کے قریب موڑ کاٹ رہی تھی، اس دوران پٹڑی سے اتر گئی۔ رپورٹس کے مطابق عملے 9 مسافر اور 241 حادثے کے وقت ٹرین میں کی 5 کے ارکان سوار تھے، زخمی ہونے والوں میں حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ریسکیو اہلکاروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دیگر مسافروں کو بحفاظت ٹرین سے نکال کر محفوظ مقام پر منتقل کیا۔

اٹلی کا پاکستانی کارکنوں کیلئے 10 ہزار سے زائد ملازمتوں کا اعلان

اسلام آباد، 29دسمبر (یو این آئی) اٹلی نے آئندہ تین برسوں کے دوران پاکستانی کارکنوں کو 10 ہزار سے زائد ملازمتیں فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے تحت اٹلی نے پاکستان کے لیے لیبر کوٹہ مختص کردیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت 10 ہزار 500 پاکستانی کارکنوں کو مختلف شعبوں میں روزگار دیا جائے گا، جن میں شپ بریکنگ، مہمان نوازی، صحت، زراعت، ویلڈنگ، ٹیکنیشنز، باورچی، ویٹرز، ہاؤس کیپنگ، نرسنگ، میڈیکل ٹیکنیشنز اور فارمنگ شامل ہیں۔ ہنر مند اور نیم ہنر مند پاکستانی افراد ان شعبوں میں ملازمت کے لیے اٹلی جائیں گے۔ ہر سال 3 ہزار 500 پاکستانی کارکن سیزنل اور غیر سیزنل کوٹے کے تحت بیرون ملک روزگار حاصل کریں گے۔ ان میں سالانہ 1 ہزار 500 پاکستانی موسمی کوٹہ جبکہ 2 ہزار غیر موسمی کوٹہ کے تحت جائیں گے۔ اٹلی پہلا یورپی ملک ہے جس نے پاکستان کے لیے مخصوص طور پر ملازمتوں کا کوٹہ مختص کیا ہے۔ پاکستان اور اٹلی کے مشترکہ ورکنگ گروپ کا دوسرا اجلاس فروری 2026 میں اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔

چین، تائیوان کے گرد وسیع فوجی مشقیں شروع کر رہا ہے

منگل سے تائیوان کے گرد وسیع پیمانے" کی برّی و بحری فوجی مشقیں شروع کردی جائیں گی: چین

بیجنگ/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز) چین نے کہا ہے کہ منگل سے تائیوان کے گرد وسیع پیمانے" کی برّی و بحری فوجی مشقیں شروع کر دی جائیں گی۔ پانچ علاقوں میں متوقع ان مشقوں میں براہ راست فائرنگ بھی شامل ہے۔ چین کے فوجی ترجمان اور تجربہ کار کرنل شی یی' نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 29دسمبر سے پی ایل اے ایسٹرن تھیٹر کمانڈ انصاف فریضہ '2025 نامی مشترکہ فوجی مشقوں کے لئے اپنے بحری، فضائی اور راکٹ فورس دستوں کو متعین کر رہی ہے۔ چین سرکاری خبر رساں ایجنسی شن ہوا نے بھی چین مسلح افواج کیہر وز

منگل تائیوان کے گرد براہِ راست فائرنگ مشقیں شروع کرنے کی اطلاع دی ہے۔ خبر میں ایک گرافک کی مدد سے جزیرے کے گرد پانچ ایسے علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے جن کی بحری وفضائی حدود پابندیوں میں رہے گی۔ تائیوان فوج نے بھی جزیرے کے گرد چینی مشقوں کے جواب میں فوجیں" متعین کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جاری کردہ بیان میں فوج نے کہا ہے کہ ایک ردِعمل مرکز قائم کیا گیا ہے اور سرحدوں پر مناسب تعداد میں فوجیں متعین کر دی گئی ہیں۔ مسلح افواج نے تیز ردِعمل کی مشق' بھی انجام دی ہے۔ تائیوان صدارتی دفتر کی ترجمان کیرن کوو نے ایک بیان میں کہا ہے کہ" چین بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی کر رہا ہے اور عسکری سرایسگی' پالیسی اختیار کئے ہوئے ہے۔

شہزادی ڈیانا نے کنگ چارلس کی ساخت منفی بنانے کیلئے

پی آر کے استعمال کیا، نیا انکشاف سامنے آگیا

لندن/۲۹دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) شہزادی ڈیانا نے شہزادہ چارلس (موجودہ بادشاہ برطانیہ) سے علیحدگی کے بعد اپنا عوامی تاثر بہتر بنانے کیلیے جان بوجھ کر تشہیری حکمتِ عملی اختیار کی اور بڑی مہارت سے کنگ چارلس سمیت شاہی محل سینٹ جیمز پیلس کو منفی دکھانے کی کوشش کی۔ برطانوی شاہی خاندان سے تعلق رکھنے والے ایک سابق اہلکار نے دعویٰ کیا ہے کہ شہزادی ڈیانا کے ساتھ کام کرنے والا عملہ بڑی محنت سے ایسے طریقے تلاش کرتا تھا جن کے ذریعے شاہی محل کی سرگرمیوں کو میڈیا میں منفی طور پر پیش کیا جاسکے۔ 1995ء کی سامنے آنے والی خفیہ دستاویزات میں بھی انکشاف کیا گیا کہ لیڈی ڈیانا کے عملے نے شاہی محل کو پیچھے چھوڑنے کے لیے بہت محنت کی۔ ایک اہلکار کے مطابق لیڈی ڈیانا کی ٹیم کی پوری توجہ اس بات پر ہوتی تھی کہ میڈیا میں کنگ چارلس کے مقابل شہزادی کو کیسے زیادہ نمایاں اور مثبت دکھایا جائے۔

Printer,PublisherandChiefEditor:GhulamJeelaniQadri,Printedat:AafaqPrintersNowhattaSrinagar,Publishedfrom11,PratabParkPressEnclaveLalchowkSrinagar190001
R.N.INo.43732/85,P.No.K/77,Phone:0194-2452028,Fax:0194-2475279.Email:afaaqkashmir@yahoo.com